الحزب ١١ الجزء ٦

لَّا يُحِبُّ ٱللَّهُ ٱلْجَهْرَ بِٱلسُّوٓءِ مِنَ ٱلْقَوْلِ إِلَّا مَن ظُلِمَ ۚ وَكَانَ

نہیں | پسند کرتا | اللہ | زور سے کہنا۔ ظاہر کرنا۔ کھلم کھلا کہنا۔ بلند آواز سے کہنا | برائی کا | سے | بات میں | مگر | جو کوئی | ظلم کیا گیا | اور ہے

ٱللَّهُ سَمِيعًا عَلِيمًا ﴿١٤٨﴾ إِن تُبْدُوا۟ خَيْرًا أَوْ تُخْفُوهُ أَوْ تَعْفُوا۟ عَن

اللہ | سننے والا | جاننے والا | ٤:١٤٨ | اگر | تم ظاہر کرو گے | نیکی | یا | تم چھپاؤ گے اس کو | یا | تم معاف کردو | سے

سُوٓءٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيرًا ﴿١٤٩﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكْفُرُونَ

برائی | تو بیشک | اللہ تعالیٰ | ہے | معاف کرنے والا | قدرت رکھنے والا | ٤:١٤٩ | بیشک | وہ لوگ | جو کفر کرتے ہیں

بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَيُرِيدُونَ أَن يُفَرِّقُوا۟ بَيْنَ ٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَيَقُولُونَ

اللہ کا | اور اس کے رسول کا | اور وہ چاہتے ہیں | کہ | فرق کریں | درمیان | اللہ کے | اور اس کے رسولوں کے | اور وہ کہتے ہیں

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُوا۟

ہم ایمان لاتے ہیں | ساتھ بعض کے | اور ہم کفر کرتے ہیں | بعض کا | اور وہ چاہتے ہیں | کہ | وہ بنالیں

بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ﴿١٥٠﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْكَٰفِرُونَ حَقًّا ۚ وَأَعْتَدْنَا

درمیان | اس کے | کوئی راستہ | ٤:١٥٠ | یہی لوگ | وہ | جو کافر ہیں | پکے | اور تیار کیا ہم نے

لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿١٥١﴾ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ

کافروں کے لئے | عذاب | رسوا کرنے والا | ٤:١٥١ | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | اللہ پر | اور اس کے رسولوں پر

وَلَمْ يُفَرِّقُوا۟ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُو۟لَٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ

اور نہیں | انہوں نے فرق کیا | درمیان | کسی ایک کے | ان میں سے | یہی لوگ | عنقریب | دے گا ان کو

أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٥٢﴾ يَسْـَٔلُكَ أَهْلُ ٱلْكِتَٰبِ

ان کے اجر | اور ہے | اللہ | مغفرت والا | رحمت والا | ٤:١٥٢ | سوال کرتے ہیں آپ سے | اہل | کتاب

أَن تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَٰبًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ۚ فَقَدْ سَأَلُوا۟ مُوسَىٰٓ أَكْبَرَ

یہ کہ | تو اتار لائے | ان پر | کتاب | سے | آسمان | تو تحقیق | انہوں نے سوال کیا تھا | موسیٰ سے | زیادہ بڑا

مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوٓا۟ أَرِنَا ٱللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ ٱلصَّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

سے | اس | تو انہوں نے کہا تھا | دکھائیے ہم کو | اللہ تعالیٰ | سامنے | تو۔ پھر پکڑ لیا ان کو | بجلی کی کڑک نے | بوجہ ان کے ظلم کے

ثُمَّ ٱتَّخَذُوا۟ ٱلْعِجْلَ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ فَعَفَوْنَا

پھر | انہوں نے بنا لیا | بچھڑے کو (میں) | کے | بعد اس کے | جو | آئیں ان کے پاس | روشن نشانیاں | تو معاف کردیا ہم نے

عَن ذَٰلِكَ ۚ وَءَاتَيْنَا مُوسَىٰ سُلْطَٰنًا مُّبِينًا ﴿١٥٣﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ

سے | اس | اور دی ہم نے | موسیٰ کو | دلیل۔ حجت | کھلی۔ صریح | ٤:١٥٣ | اور اٹھایا ہم نے | ان کے اوپر

ٱلطُّورَ بِمِيثَٰقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْبَابَ سُجَّدًا وَقُلْنَا

کوہ طور کو | ان سے میثاق لینے کے لئے | اور کہا ہم نے | ان سے | داخل ہوجاؤ | دروازے میں | سجدہ کرتے ہوئے | اور کہا ہم نے

لَهُمْ لَا تَعْدُوا۟ فِى ٱلسَّبْتِ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَٰقًا غَلِيظًا ﴿١٥٤﴾

ان سے | نہ | تم زیادتی کرو | میں | سبت میں۔ ہفتے کے بارے میں | اور لیا ہم نے | ان سے | عہد | پختہ/سخت | 4:154

پاره ٦

١٤٨. برائی کے ساتھ آواز بلند کرنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا مگر مظلوم کو اجازت ہے، اور اللہ تعالیٰ خوب سنتا اور جانتا ہے۔

١٤٩. اگر تم کسی نیکی کو اعلانیہ کرو یا پوشیدہ کسی برائی سے درگزر کرو، پس یقیناً اللہ تعالیٰ پوری معافی کرنے والا ہے اور پوری قدرت والا ہے۔

١٥٠. جو لوگ اللہ کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق رکھیں اور جو لوگ کہتے ہیں کہ بعض نبیوں پر تو ہمارا ایمان ہے اور بعض پر نہیں اور چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان راہ نکالیں۔

١٥١. یقین مانو کہ یہی لوگ اصلی کافر ہیں اور کافروں کے لئے ہم نے اہانت آمیز سزا تیار کر رکھی ہے۔

١٥٢. اور جو لوگ اللہ پر اور اس کے تمام پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ پورا ثواب دے گا اور اللہ بڑی مغفرت والا اور بڑی رحمت والا ہے۔

١٥٣. آپ سے یہ اہل کتاب درخواست کرتے ہیں کہ آپ ان کے پاس کوئی آسمانی کتاب لائیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے انہوں نے اس سے بہت بڑی درخواست کی تھی کہ ہمیں کھلم کھلا اللہ تعالیٰ کو دکھا دے، پس ان کے اس ظلم کے باعث ان پر کڑاکے کی بجلی آپڑی پھر باوجودیکہ ان کے پاس بہت دلیلیں پہنچ چکی تھیں انہوں نے بچھڑے کو اپنا معبود بنا لیا، لیکن ہم نے یہ معاف فرما دیا اور ہم نے موسیٰ کو کھلا غلبہ (اور صریح دلیل) عنایت فرمائی۔

١٥٤. اور ان کا قول لینے کے لئے ہم نے ان کے سروں پر طور پہاڑ لا کھڑا کر دیا اور انہیں حکم دیا سجدہ کرتے ہوئے دروازے میں جاؤ اور یہ بھی فرمایا کہ ہفتہ کے دن میں تجاوز نہ کرنا اور ہم نے ان سے سخت سے سخت قول و قرار لئے

فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِم بِآيَاتِ اللَّهِ وَقَتْلِهِمُ الْأَنبِيَاءَ
پس بوجہ | ان کے توڑنے کے | اپنے عہد کو | اور ان کے کفر کے | ساتھ آیات کے | اللہ کی | اور ان کے قتل کرنے کے | انبیاء کو

بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ اللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ
نا | حق | اور ان کے کہنے کے | دل ہمارے | غلاف میں ہیں | بلکہ | مہر لگا دی | اللہ نے | ان پر | بوجہ ان کے کفر کے

فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥٥﴾ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا
پس نہیں | وہ ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے سے - مگر تھوڑا | ۴:۱۵۵ | اور بوجہ ان کے کفر کے | اور ان کے قول کے | اوپر | مریم کے | بہتان

عَظِيمًا ﴿١٥٦﴾ وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ
بڑا | ۴:۱۵۶ | اور ان کے کہنے کے | بیشک ہم نے | قتل کیا ہم نے | مسیح کو | عیسیٰ کو | جو بیٹے ہیں | مریم کے | جو رسول تھے

اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ
اللہ کے | حالانکہ نہیں | انہوں نے قتل کیا اس کو | اور نہیں | انہوں نے صلیب چڑھایا اس کو | لیکن | شبہ ڈالا گیا | ان کے لئے | اور بیشک | وہ لوگ

اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ
جنہوں نے اختلاف کیا | اس میں | البتہ | شک میں ہیں | اس سے | نہیں | ان کے لئے | اس کا | کوئی | علم | مگر | پیروی کرنا | گمان کی

وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا ﴿١٥٧﴾ بَل رَّفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا
اور نہیں | انہوں نے قتل کیا اس کو | یقینی طور پر | ۴:۱۵۷ | بلکہ | اٹھا لیا اس کو | اللہ نے | اپنی طرف | اور ہے | اللہ تعالیٰ | زبردست | حکمت والا

﴿١٥٨﴾ وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ
۴:۱۵۸ | اور نہیں | سے | اہل | (اہل) کتاب (میں سے کوئی) | مگر | البتہ وہ ضرور ایمان لائے گا | ساتھ اس کے | پہلے | اس کی موت سے | اور دن

الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا
قیامت کے | وہ ہوگا | ان پر | گواہ | ۴:۱۵۹ | پس بوجہ ظلم کے | سے | ان لوگوں کی طرف | جو یہودی بن گئے

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللَّهِ
حرام کردیں ہم نے | ان پر | پاکیزہ چیزیں | حلال کی گئیں تھیں | ان کے لئے | اور بوجہ ان کے روکنے کے | سے | راستے (سے) | اللہ کے

كَثِيرًا ﴿١٦٠﴾ وَأَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ أَمْوَالَ
بہت زیادہ | ۴:۱۶۰ | اور بوجہ ان کے لینے کے | سود کو | حالانکہ تحقیق | وہ روکے گئے تھے | اس سے | اور بوجہ ان کے کھانے کے | مال

النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦١﴾ لَّٰكِنِ
لوگوں کے | باطل طریقے سے | اور تیار کیا ہم نے | کافروں کے لئے | ان میں سے | عذاب | دردناک | ۴:۱۶۱ | لیکن

الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ
جو راسخ ہیں۔ پختہ کار ہیں | میں | علم | ان میں سے | اور جو ایمان لانے والے ہیں | وہ ایمان لاتے ہیں | ساتھ اس کے جو | نازل کیا گیا | آپ کی طرف

وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ ۚ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ ۚ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ
اور جو | نازل کیا گیا | آپ سے پہلے | اور جو قائم کرنے والے ہیں | نماز کو | اور جو دینے والے ہیں | زکوۃ (کو)

وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿١٦٢﴾
اور جو ایمان لانے والے ہیں | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر | یہی لوگ | عنقریب ہم دیں گے ان کو | اجر | بڑا | ۴:۱۶۲

۱۵۵. (یہ سزا تھی) بہ سبب ان کی عہد شکنی کے اور احکام الٰہی کے ساتھ کفر کرنے کے اور اللہ کے نبیوں کو ناحق قتل کر ڈالنے کے، اور اس سبب سے کہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر غلاف ہے۔ حالانکہ دراصل ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگا دی ہے۔ اس لئے یہ قدر قلیل ہی ایمان لاتے ہیں۔

۱۵۶. ان کے کفر کے باعث اور مریم پر بہت بڑا بہتان باندھنے کے باعث۔

۱۵۷. اور یوں کہنے کے باعث کہ ہم نے اللہ کے رسول مسیح عیسیٰ بن مریم کو قتل کر دیا حالانکہ نہ تو انہوں نے اسے قتل کیا نہ سولی پر چڑھایا بلکہ ان کے لئے (عیسیٰ) کا شبیہ بنا دیا گیا تھا، یقین جانو کہ حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے بارے میں اختلاف کرنے والے ان کے بارے میں شک میں ہیں، انہیں اس کا کوئی یقین نہیں بجز تخمینی باتوں پر عمل کرنے کے اتنا یقینی ہے کہ انہوں نے انہیں قتل نہیں کیا۔

۱۵۸. بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی طرف اٹھا لیا اور اللہ بڑا زبردست اور پوری حکمتوں والا ہے۔

۱۵۹. اہل کتاب میں ایک بھی ایسا نہ بچے گا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ایمان نہ لا چکے، اور قیامت کے دن آپ ان پر گواہ ہونگے۔

۱۶۰. جو نفیس چیزیں ان کے لئے حلال کی گئی تھیں وہ ہم نے ان پر حرام کر دیں ان کے ظلم کے باعث اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے اکثر لوگوں کو روکنے کے باعث۔

۱۶۱. اور سود جس سے منع کئے گئے تھے اسے لینے کے باعث اور لوگوں کا مال ناحق مار کھانے کے باعث اور ان میں جو کفار ہیں ہم نے ان کے لئے المناک عذاب مہیا کر رکھا ہے۔

۱۶۲. لیکن ان میں سے جو کامل اور مضبوط علم والے ہیں اور ایمان والے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو آپ کی طرف اتارا گیا اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا اور نمازوں کو قائم رکھنے والے ہیں اور زکوۃ کو ادا کرنے والے ہیں اور اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والے ہیں، یہ ہیں جنہیں ہم بہت بڑے اجر عطا فرمائیں گے۔

١/٤ الحزب ١١

۞ إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰ نُوحٍ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ مِنۢ بَعْدِهِۦ ۚ

بیشک ہم نے | وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | جیسا کہ | وحی کی ہم نے | طرف | نوح کے | اور (ان) نبیوں کے | ان کے بعد

وَأَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ

اور وحی کی ہم نے | طرف | ابراہیم کے | اور اسماعیل کے | اور اسحاق کے | اور یعقوب کے

وَٱلْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَٰرُونَ وَسُلَيْمَٰنَ ۚ

اور اولاد یعقوب کے | اور عیسیٰ کے | اور ایوب کے | اور یونس کے | اور ہارون کے | اور سلیمان کے

وَءَاتَيْنَا دَاوُۥدَ زَبُورًا ﴿١٦٣﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَٰهُمْ عَلَيْكَ

اور دی ہم نے | داؤد کو | زبور | ٤:١٦٣ | اور کئی رسول ہیں | تحقیق | ذکر کیا ہم نے ان کا | آپ پر

مِن قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ ٱللَّهُ مُوسَىٰ

اس سے پہلے | اور کئی رسول ہیں | نہیں | ذکر کیا ہم نے ان کا | آپ پر | اور کلام کیا | اللہ نے | موسیٰ سے

تَكْلِيمًا ﴿١٦٤﴾ رُّسُلًا مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ

کلام کرنا | ٤:١٦٤ | یہ رسول تھے | خوشخبری دینے والے | اور ڈرانے والے | تاکہ نہ | ہو

لِلنَّاسِ عَلَى ٱللَّهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ ٱلرُّسُلِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا

لوگوں کے لئے | پر | اللہ | کوئی حجت | بعد | رسولوں کے | اور ہے | اللہ | زبردست | حکمت والا

﴿١٦٥﴾ لَّٰكِنِ ٱللَّهُ يَشْهَدُ بِمَآ أَنزَلَ إِلَيْكَ ۖ أَنزَلَهُۥ بِعِلْمِهِۦ ۖ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةُ

٤:١٦٥ | لیکن | اللہ | گواہی دیتا ہے | ساتھ اس کے جو | اس نے نازل کیا | آپ کی طرف | اللہ نے نازل کیا ہے اس کو | اپنے علم کے ساتھ | اور فرشتے (بھی)

يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ شَهِيدًا ﴿١٦٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟

گواہی دیتے ہیں | اور کافی ہے | اللہ | گواہ | ٤:١٦٦ | بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا

وَصَدُّوا۟ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ قَدْ ضَلُّوا۟ ضَلَٰلًۢا بَعِيدًا ﴿١٦٧﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ

اور انہوں نے روکا | سے | راستے | اللہ کے | تحقیق | گمراہ ہوگئے - بھٹک گئے | گمراہ ہونا | دور کا | ٤:١٦٧ | بیشک | وہ لوگ

كَفَرُوا۟ وَظَلَمُوا۟ لَمْ يَكُنِ ٱللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ

جنہوں نے کفر کیا | اور انہوں نے ظلم کیا | نہیں | ہے | اللہ | کہ بخش دے | ان کو | اور نہ | کہ ہدایت دے ان کو

طَرِيقًا ﴿١٦٨﴾ إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ وَكَانَ

راستے کی | ٤:١٦٨ | مگر - سوائے | راستے کے | جہنم کا | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ ہمیشہ | اور ہے

ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ ٱلرَّسُولُ بِٱلْحَقِّ

یہ بات | پر | اللہ | آسان | ٤:١٦٩ | اے | لوگو | تحقیق | آگیا ہے تمہارے پاس | رسول | ساتھ حق کے - حق لے کر

مِن رَّبِّكُمْ فَـَٔامِنُوا۟ خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا۟ فَإِنَّ لِلَّهِ

سے | تمہارے رب کے پاس | پس ایمان لاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | اور اگر | تم کفر کرو گے | تو بیشک | اللہ ہی کے لئے ہے

مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾

جو | میں | آسمانوں (میں ہے) | اور زمین میں | اور ہے | اللہ تعالیٰ | علم والا | حکمت والا | ٤:١٧٠

١٦٣. یقیناً ہم نے آپ کی طرف اسی طرح وحی کی ہے جیسے کہ نوح (علیہ السلام) اور ان کے بعد والے نبیوں کی طرف کی، اور ہم نے وحی کی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد پر اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف ہم نے (داؤد علیہ السلام) کو زبور عطا فرمائی۔

١٦٤. اور آپ سے پہلے کے بہت سے رسولوں کے واقعات ہم نے آپ سے بیان کئے ہیں، اور بہت کے رسولوں کے نہیں بھی کئے، اور موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے صاف طور پر کلام کیا۔

١٦٥. ہم نے انہیں رسول بنایا، خوشخبریاں سنانے والے اور آگاہ کرنے والے تاکہ لوگوں کی کوئی حجت اور الزام رسولوں کے بھیجنے کے بعد اللہ تعالیٰ پر رہ نہ جائے، اللہ تعالیٰ بڑا غالب اور بڑا باحکمت ہے۔

١٦٦. جو کچھ آپ کی طرف اتارا ہے اس کی بابت خود اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ اسے اپنے علم سے اتارا ہے اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بطور گواہ کافی ہے۔

١٦٧. جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے اوروں کو روکا وہ یقیناً گمراہی میں دور نکل گئے۔

١٦٨. جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم کیا، انہیں اللہ تعالیٰ ہرگز ہرگز نہ بخشے گا اور نہ انہیں کوئی راہ دکھائے گا۔

١٦٩. بجز جہنم کی راہ کے جس میں وہ ہمیشہ پڑے رہیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ پر بالکل آسان ہے۔

١٧٠. اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر رسول آگیا ہے، پس تم ایمان لاؤ تاکہ تمہارے لئے بہتری ہو اور اگر تم کافر ہوگئے تو اللہ ہی کی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ دانا اور حکمت والا ہے۔

يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لَا تَغۡلُواْ فِي دِينِكُمۡ وَلَا تَقُولُواْ عَلَى
اے اہل | کتاب | نہ | تم حد سے بڑھو - نہ غلو کرو | میں | اپنے دین | اور نہ | تم کہو | پر

ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡحَقَّۚ إِنَّمَا ٱلۡمَسِيحُ عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ
اللہ | مگر | وہ جو حق ہے | بیشک جو | مسیح ہیں | عیسیٰ ہیں | بیٹے ہیں | مریم کے | جو رسول ہیں | اللہ کے

وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلۡقَىٰهَآ إِلَىٰ مَرۡيَمَ وَرُوحٞ مِّنۡهُۖ فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ
اور اس کا کلمہ ہیں | جو اس نے ڈالا تھا اس (کلمے) کو | طرف | مریم کے | اور روح | اس کی طرف سے | تو ایمان لاؤ تم | اللہ پر

وَرُسُلِهِۦۖ وَلَا تَقُولُواْ ثَلَٰثَةٌۚ ٱنتَهُواْ خَيۡرٗا لَّكُمۡۚ إِنَّمَا ٱللَّهُ
اور اس کے رسولوں پر | اور نہ | تم کہوکہ | تین ہیں | باز آجاؤ - رک جاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | بیشک | اللہ تعالی

إِلَٰهٞ وَٰحِدٞۖ سُبۡحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ وَلَدٞۘ لَّهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ
الہ ہے | ایک | پاک ہے وہ | کہ | ہو | اس کے لئے | کوئی بیٹا | اس کے لئے ہے | جو | میں | آسمانوں (میں ہے)

وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۗ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلٗا ١٧١ لَّن يَسۡتَنكِفَ
اور جو | میں | زمین (میں ہے) | اور کافی ہے | اللہ | کارساز | ٤:١٧١ | ہرگز نہیں | عار سمجھنے

ٱلۡمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبۡدٗا لِّلَّهِ وَلَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ ٱلۡمُقَرَّبُونَۚ
مسیح | کہ | وہ ہوں | بندے | اللہ ہی کے | اور نہ | وہ فرشتے | جو مقرب ہیں - قریبی

وَمَن يَسۡتَنكِفۡ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَيَسۡتَكۡبِرۡ فَسَيَحۡشُرُهُمۡ
اور جو کوئی | عار سمجھے گا - بیزار ہوگا | سے | اس کی عبادت (سے) | اور تکبر کرے گا | پس عنقریب وہ اکٹھا کرے گا ان کو

إِلَيۡهِ جَمِيعٗا ١٧٢ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ
اپنی طرف | سب کے سب کو | ٤:١٧٢ | تو لیکن - تو رہے | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے - نیک

فَيُوَفِّيهِمۡ أُجُورَهُمۡ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضۡلِهِۦۖ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ
پس وہ پورے پورے دے گا ان کو | ان کے اجر | اور وہ زیادہ دے گا ان کو | سے | اپنے فضل | اور رہے | وہ لوگ

ٱسۡتَنكَفُواْ وَٱسۡتَكۡبَرُواْ فَيُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا أَلِيمٗا وَلَا
جنہوں نے عار سمجھا - جو بیزار ہوئے | اور انہوں نے تکبر کیا | تو وہ عذاب دے گا ان کو | عذاب | دردناک | اور نہیں

يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ وَلِيّٗا وَلَا نَصِيرٗا ١٧٣ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ
وہ پائیں گے | اپنے لئے | سوا | اللہ کے | کوئی دوست | اور نہ | مددگار | ٤:١٧٣ | اے | لوگو

قَدۡ جَآءَكُم بُرۡهَٰنٞ مِّن رَّبِّكُمۡ وَأَنزَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ نُورٗا مُّبِينٗا
تحقیق | آچکی تمہارے پاس | دلیل - حجت | سے | تمہارے رب کی طرف | اور اتارا ہم نے | تمہاری طرف | نور - روشن | واضح کرنے والا

١٧٤ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَٱعۡتَصَمُواْ بِهِۦ فَسَيُدۡخِلُهُمۡ فِي
٤:١٧٤ | تو رہے | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اللہ پر | اور انہوں نے مضبوطی سے پکڑ لیا | اس کو | تو عنقریب وہ داخل کرے گا ان کو | میں

رَحۡمَةٖ مِّنۡهُ وَفَضۡلٖ وَيَهۡدِيهِمۡ إِلَيۡهِ صِرَٰطٗا مُّسۡتَقِيمٗا ١٧٥
رحمت | اپنی طرف سے | فضل میں | اور راہ نمائی کرے گا ان کی | اپنی طرف | وہ راستہ | سیدھے | ٤:١٧٥

١٧١. اے اہل کتاب اپنے دین کے بارے میں حد سے نہ گزر جاؤ اور اللہ پر بجز حق کے کچھ نہ کہو، مسیح عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) تو صرف اللہ کے رسول اور اس کے کلمہ (کن سے پیدا شدہ) ہیں جسے مریم علیہا السلام کی طرف سے ڈال دیا گیا تھا اور اس کے پاس کی روح ہیں اس لئے تم اللہ کو اور اس کے سب رسولوں کو مانو اور نہ کہو کہ اللہ تین ہیں، اس سے باز آجاؤ کہ تمہارے لئے بہتری ہے، اللہ عبادت کے لائق تو صرف ایک ہی ہے اور وہ اس سے پاک ہے کہ اس کی اولاد ہو، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے - اور کارساز کے طور پر اللہ تعالی کافی ہے -

١٧٢. مسیح (علیہ السلام) کو اللہ کا بندہ ہونے میں کوئی ننگ و عار یا تکبر و انکار ہرگز ہو ہی نہیں سکتا اور ان مقرب فرشتوں کو اس کی بندگی سے جو بھی دل چرائے اور تکبر و انکار کرے اللہ تعالی ان سب کو اکٹھا اپنی طرف جمع کرے گا۔

١٧٣. پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اور شائستہ اعمال کئے ہیں ان کو ان کا پورا پورا ثواب عنایت فرمائے گا اور اپنے فضل سے انہیں اور زیادہ دے گا، اور جن لوگوں نے تنگ و عار اور سرکشی اور انکار کیا انہیں المناک عذاب دے گا، اور وہ اپنے لئے سوائے اللہ کے کوئی حمایتی اور امداد کرنے والا نہ پائیں گے -

١٧٤. اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے سند اور دلیل آپہنچی اور ہم نے تمہاری جانب واضح اور صاف نور اتار دی ہے -

١٧٥. پس جو لوگ اللہ تعالی پر ایمان لائے اور اسے مضبوط پکڑ لیا، انہیں تو وہ عنقریب اپنی رحمت اور فضل میں لے لے گا اور انہیں اپنی طرف کی راہ راست دکھا دے گا۔

يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ ٱللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِى ٱلْكَلَٰلَةِ ۚ إِنِ ٱمْرُؤٌا۟ هَلَكَ
وہ فتوے مانگتے ہیں آپ سے | کہہ دیجئے | اللہ | فتوی دیتا ہے تم کو | میں | کلالہ کے بارے | اگر | کوئی شخص | فوت ہوجائے

لَيْسَ لَهُۥ وَلَدٌ وَلَهُۥٓ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ إِن
نہیں ہے | اس کے لئے | کوئی بچہ - اولاد | اور اس کے لئے | بہن ہے | تو اس (بہن) کے لئے | آدھا ہے | جو اس نے چھوڑا | اور وہ | خود وارث ہوگا اس کا | اگر

لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَتَا ٱثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا ٱلثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ ۚ
نہ | ہو | اس (بہن) کے لئے | کوئی بچہ | پھر اگر | وہ دونوں ہوں | دو بہنیں | تو ان دونوں کے لئے | دو تہائی ہے | اس میں سے جو | اس نے چھوڑا

وَإِن كَانُوٓا۟ إِخْوَةً رِّجَالًا وَنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ ٱلْأُنثَيَيْنِ ۗ
اور اگر | وہ ہوں | کئی بہن بھائی | مرد | اور عورتیں | تو واسطے مرد کے | مانند | حصہ | دو عورتوں کے ہے

يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمْ أَن تَضِلُّوا۟ ۗ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌۢ ﴿١٧٦﴾
بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | کہ نہ | بہک جاؤ - تم گمراہ ہوجاؤ - گمراہ ہوجاؤ | اور اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے | ٤:١٧٦

٥ سُورَةُ المَائِدَة ١٢٠

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ
شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

٢/٤ الحزب ١١

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَوْفُوا۟ بِٱلْعُقُودِ ۚ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ ٱلْأَنْعَٰمِ
اے وہ | لوگو | جو ایمان لائے ہو | پورا کرو | عہد و پیمان کو | حلال کردیے گئے | تمہارے لئے | چوپائے | مویشیوں کی قسم کے

إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى ٱلصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ
مگر - سوائے | اس کے جو | پڑھے جائیں گے | تم پر | نہ | حلال کرنے والے ہو | شکار کو | جبکہ ہو تم | احرام کی حالت میں | بیشک | اللہ

يَحْكُمُ مَا يُرِيدُ ﴿١﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تُحِلُّوا۟ شَعَٰٓئِرَ ٱللَّهِ
فیصلہ کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | ٥:١ | اے وہ | لوگو | جو ایمان لائے ہو | نہ | تم حلال کرو | نشانیوں کو | اللہ کی

وَلَا ٱلشَّهْرَ ٱلْحَرَامَ وَلَا ٱلْهَدْىَ وَلَا ٱلْقَلَٰٓئِدَ وَلَآ ءَآمِّينَ ٱلْبَيْتَ
اور نہ | ماہ | حرام کو | اور نہ | قربانی کے جانور کو | اور نہ | پٹے والوں کو | اور نہ | قصد کرنے والوں کو - ارادہ کرنے والوں کو | بیت

ٱلْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَٰنًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَٱصْطَادُوا۟ ۚ
مقدس | جو چاہتے ہیں - تلاش کرتے ہیں | فضل | سے | اپنے رب کی طرف | اور رضا مندی | اور جب | حلال ہوجاؤ تم | تو شکار کرو

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ ٱلْمَسْجِدِ ٱلْحَرَامِ أَن
اور نہ | آمادہ کرے تم کو | دشمنی | کسی قوم کی | کہ | انہوں نے روکا تم کو | سے | مسجد | حرام سے | کہ

تَعْتَدُوا۟ ۘ وَتَعَاوَنُوا۟ عَلَى ٱلْبِرِّ وَٱلتَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُوا۟ عَلَى ٱلْإِثْمِ
تم زیادتی کرو | اور تعاون کرو | پر | نیکی | اور تقوی پر | اور نہ | تم تعاون کرو | پر | گناہ

وَٱلْعُدْوَٰنِ ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿٢﴾
اور زیادتی کے کاموں پر | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | سخت | سزا دینے والا ہے | ٥:٢

---

١٧٦. آپ سے فتوىٰ پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ (خود) تمہیں کلالہ کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص مر جائے جس کی اولاد نہ ہو اور ایک بہن ہو تو اس چھوڑے ہوئے مال کا آدھا حصہ ہے، اور وہ بھائی اس بہن کا وارث ہوگا اگر اس کے اولاد نہ ہو پس اگر بہن دو ہوں تو انہیں کل چھوڑے ہوئے کا دو تہائی ملے گا، اور کئی شخص اس ناطے کے ہیں مرد بھی عورتیں بھی تو مرد کے لئے حصہ ہے مثل دو عورتوں کے، اللہ تعالیٰ تمہارے لئے بیان فرما رہا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ تم بہک جاؤ اور اللہ تعالیٰ ہرچیز سے واقف ہے۔

سورة المائدة
مدینہ
سورہ نمبر: ٥ آیات: ١٢٠

١. اے ایمان والو! عہد و پیمان پورے کرو، تمہارے لئے مویشی چوپائے حلال کئے گئے ہیں بجز ان کے جن کے نام پڑھ کر سنا دیئے جائیں گے، مگر حالت احرام میں شکار کو حلال جاننے والے نہ بننا، یقیناً اللہ تعالیٰ جو چاہے حکم کرتا ہے۔

٢. اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے شعائر کی بےحرمتی نہ کرو، نہ ادب والے مہینوں کی، نہ حرم میں قربان ہونے والے اور پٹے پہنائے گئے جانوروں کی جو کعبہ کو جا رہے ہوں، اور نہ ان لوگوں کی جو بیت اللہ کے قصد سے اپنے رب تعالیٰ کے فضل اور اس کی رضا جوئی کی نیت سے جا رہے ہوں، ہاں جب تم احرام اتار ڈالو تو شکار کھیل سکتے ہو، جن لوگوں نے تمہیں مسجد حرام سے روکا تھا ان کی دشمنی تمہیں اس بات پر امادہ نہ کرے کہ تم حد سے گزر جاؤ، نیکی اور پرہیزگاری میں ایک دوسرے کی امداد کرتے رہو اور گناہ ظلم زیادتی میں مدد نہ کرو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ
حرام کیا گیا | تم پر | مردار | اور خون | اور گوشت | خنزیر کا | اور جو | پکارا گیا | واسطے غیر | اللہ کے | اس کو

وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ
اور جو گلا گھٹ کر مرنے والی | اور جو چوٹ کھا کر مرنے والی | اور جو بلندی سے گر کر مرنے والی | اور جو ٹکر کھا کر مرنے والی | اور جو | کھائیں

السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا
درندے | مگر | جو | ذبح کرلیا تم نے | اور جو | ذبح کیا گیا | پر | آستانوں | اور یہ کہ | تم قسمت معلوم کرو

بِالْأَزْلَامِ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا
تیروں کے ذریعے | یہ سب کام | فسق ہیں- نافرمانی ہیں | آج کے دن | مایوس ہوگئے | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | سے | تمہارے دین | تو نہ

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ
تم ڈرو ان سے | اور ڈرو مجھ سے | آج | میں نے مکمل کردیا | تمہارے لئے | تمہارا دین | اور میں نے تمام کردی | تم پر

نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ
اپنی نعمت | اور میں نے پسند کرلیا | تمہارے لئے | اسلام کو | بطور دین | تو جو کوئی | مجبور کیا جائے | میں | بھوک

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٣﴾ يَسْأَلُونَكَ مَاذَا
نہ | مائل ہونے والا ہو | گناہ کی طرف | تو بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | ٥:٣ | وہ سوال کرتے ہیں آپ سے | کیا کچھ

أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ
حلال کیا گیا | ان کے لیے | کہہ دیجیے | حلال کی گئیں | تمہارے لئے | جو پاکیزہ چیزیں ہیں | اور جو | سکھایا تم نے | کو | شکاری جانوروں کو

مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللَّهُ فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ
شکار کی تعلیم دینے والے | تم سکھاتے ہوان کو | اس میں سے جو | سکھایا تم کو | اللہ نے | تو کھاؤ | اس میں سے جو | وہ روک رکھیں | تم پر

وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿٤﴾
اور ذکر کرو | نام | اللہ کا | اس پر | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ تعالیٰ | جلد لینے والا ہے | حساب | ٥:٤

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَكُمْ
آج | حلال کردی گئیں | تمہارے لئے | پاکیزہ چیزیں | اور کھانا | ان لوگوں کا | جو دئے گئے | کتاب | حلال ہے | تمہارے لئے

وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ
اور کھانا تمہارا | حلال ہے | ان کے لئے | اور پاک دامن عورتیں | سے | مومن عورتوں میں | اور پاک دامن عورتیں

مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ
سے | ان لوگوں میں سے | جو دئے گئے | کتاب | سے | تم سے پہلے | جب | دے دو تم ان کو | مہران کے

مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ وَمَنْ يَكْفُرْ
قید نکاح میں لانے والے- نکاح سے محفوظ کرنے والے | نہ | زنا کرنے والے | اور نہ | بنانے والے | چھپے دوست | اور جو کوئی | کفر کرے گا

بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٥﴾
ساتھ ایمان کے | تو تحقیق | ضائع ہوگیا | عمل اس کا | اور وہ | میں | آخرت | سے | خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا | ٥:٥

٣. تم پر حرام کیا گیا مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جس پر اللہ کے سوا دوسرے کا نام پکارا گیا ہو، اور جو گلا گھٹنے سے مرا ہو، اور جو کسی ضرب سے مر گیا ہو، جو اونچی جگہ سے گر کر مرا ہو، جو کسی کے سینگ مارنے سے مرا ہو، اور جسے درندوں نے پھاڑ کھایا ہو، لیکن اسے تم ذبح کر ڈالو تو حرام نہیں، اور جو آستانوں پر ذبح کیا گیا ہو، اور یہ بھی کہ قرعہ کے تیروں کے ذریعے فال گیری ہو، یہ سب بدترین گناہ ہیں، آج کفار دین سے ناآمید ہوگئے، خبردار ان سے نہ ڈرنا اور مجھ سے ڈرتے رہنا، آج میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنا نام بھرپور کر دیا اور تمہارے لئے اسلام کے دین ہونے پر رضامند ہوگیا۔ پس جو شخص شدت کی بھوک میں بیقرار ہو جائے بشرطیکہ کسی گناہ کی طرف اس کا میلان نہ ہو تو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا ہے اور بہت بڑا مہربان ہے۔

٤. آپ سے دریافت کرتے ہیں ان کے لئے کیا کچھ حلال ہے ؟ آپ کہہ دیجئے کہ تمام پاک چیزیں تمہارے لئے حلال کی گئیں ہیں، اور جن شکار کھیلنے والے جانوروں کو تم نے سدھار رکھا ہے، یعنی جنہیں تم تھوڑا بہت وہ سکھاتے ہو جس کی تعلیم اللہ تعالیٰ نے تمہیں دے رکھی ہے، پس جس شکار کو وہ تمہارے لئے پکڑ کر روک رکھیں تو تم اس سے کھا لو اور اس پر اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیا کرو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔

٥. کل پاکیزہ چیزیں آج تمہارے لئے حلال کی گئیں اور اہل کتاب کا ذبیحہ تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا ذبیحہ ان کے لئے حلال، اور پاکدامن مسلمان عورتیں اور جو لوگ تم سے پہلے کتاب دیئے گئے ان کی پاک دامن عورتیں بھی حلال ہیں جب کہ تم ان کے مہر ادا کرو، اس طرح کہ تم ان سے باقاعدہ نکاح کرو یہ نہیں کہ اعلانیہ زنا کرو یا پوشیدہ بدکاری کرو، منکرین ایمان کے اعمال ضائع اور اکارت ہیں اور آخرت میں وہ ہارنے والوں میں سے ہیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ فَٱغْسِلُواْ
اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | جب | کھڑے ہو تم | طرف | نماز کے | تو دھو لو

وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى ٱلْمَرَافِقِ وَٱمْسَحُواْ بِرُءُوسِكُمْ
اپنے چہروں کو | اور اپنے ہاتھوں کو | تک | کہنیوں | اور مسح کرو | اپنے سروں کا

وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى ٱلْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِن كُنتُمْ جُنُبًا فَٱطَّهَّرُواْ ۚ
اور اپنے پاؤں کو (دھو لو) | تک | ٹخنوں | اور اگر | ہو تم | حالت جنابت میں | تو طہارت حاصل کرو

وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَآءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ
اور اگر | ہو تم | بیمار | یا | پر | سفر (پر) | یا | آئے | کوئی ایک | تم میں سے | سے

ٱلْغَآئِطِ أَوْ لَٰمَسْتُمُ ٱلنِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُواْ مَآءً فَتَيَمَّمُواْ صَعِيدًا
رفع حاجت سے | یا | چھوا تم نے | عورتوں کو | پھر نہ | تم پاؤ | پانی | تو تیمم کرلو | مٹی سے

طَيِّبًا فَٱمْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ ٱللَّهُ
پاکیزہ | پھر مسح کرو | اپنے چہروں کا | اور اپنے ہاتھوں کا | اس سے | نہیں | چاہتا | اللہ

لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَٰكِن يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ
کہ کردے | تم پر | کوئی | تنگی | لیکن | وہ چاہتا ہے | کہ وہ پاک کردے تم کو

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُۥ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٦﴾
اور تاکہ پورا کردے | اپنی نعمت کو | تم پر | تاکہ تم | تم شکر ادا کرو | ٥:٦

وَٱذْكُرُواْ نِعْمَةَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَٰقَهُ ٱلَّذِى وَاثَقَكُم
اور یاد کرو | نعمت | اللہ کی | جو تم پر ہے | اور اس کا پکا وعدہ۔ پختہ عہد | وہ جو | اس نے لیا ہے تم سے ۔ اس نے باندھا ہے تم سے

بِهِۦٓ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ
ساتھ اس کے | جب | کہا تم نے | سنا ہم نے | اور اطاعت کی ہم نے | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے

بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿٧﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ
بھید | سینوں کے | ٥:٧ | اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | ہو جاؤ | قائم رہنے والے ۔ نگہداشت کرنے والے

لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ
اللہ ہی کے لئے | گواہ | انصاف پر | اور نہ | آمادہ کرے تم کو | دشمنی | کسی قوم کی اس بات پر

أَلَّا تَعْدِلُواْ ۚ ٱعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ
کہ نہ | تم عدل کرو گے | عدل کرو | وہ | زیادہ قریب ہے | تقوی کے | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک

ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ
اللہ | خبر رکھنے والا ہے | ساتھ اس کے جو | تم عمل کرتے ہو | ٥:٨ | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے | جو ایمان لائے

وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿٩﴾
اور عمل کیے | اچھے ۔ نیک | ان کے لئے | بخشش ہے | اور اجر ہے | بڑا | ٥:٩

٦. اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اُٹھو تو اپنے منہ کو اور اپنے ہاتھوں کہنیوں سمیت دھو لو۔ اپنے سروں کو مسح کرو، اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھو لو، اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو غسل کرلو، ہاں اگر تم بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو یا تم سے کوئی حاجت ضروری فارغ ہو کر آیا ہو، یا تم عورتوں سے ملے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم کر لو، اسے اپنے چہروں پر اور ہاتھوں پر مل لو، اللہ تعالیٰ تم پر کسی قسم کی تنگی ڈالنا نہیں چاہتا، بلکہ اس کا ارادہ تمہیں پاک کرنے کا اور تمہیں اپنی بھرپور نعمت دینے کا ہے تاکہ تم شکر ادا کرتے رہو۔

٧. تم پر اللہ کی نعمتیں نازل ہوئی ہیں انہیں یاد رکھو اور اس کے اس عہد کو بھی جس کا تم سے معاہدہ ہوا ہے جبکہ تم نے سنا اور مانا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ دلوں کی باتوں کو جاننے والا ہے۔

٨. اے ایمان والو! تم اللہ کی خاطر حق پر قائم ہو جاؤ، راستی اور انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بن جاؤ، کسی قوم کی عداوت تمہیں خلاف عدل پر آمادہ نہ کر دے، عدل کیا کرو جو پرہیزگاری کے زیادہ قریب ہے، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔

٩. اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جو ایمان لائیں اور نیک کام کریں ان کے لئے وسیع مغفرت اور بہت بڑا اجر اور ثواب ہے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ
اور وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | اور انہوں نے جھٹلایا | ہماری آیات کو | یہی لوگ | ساتھی ہیں

الْجَحِيمِ ۝١٠ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَتَ
جہنم کے | 5:10 | اے وہ | لوگو | جو ایمان لائے ہو | یاد کرو | نعمت کو

اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَنْ يَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ
اللہ کی | جو تم پر ہے | جب | ارادہ کیا | ایک قوم نے - ایک گروہ نے | کہ | وہ پھیلائیں | تمہاری طرف | اپنے ہاتھوں کو

فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
تو اس نے روک دیا | ان کے ہاتھوں کو | تم سے | اور ڈرو | اللہ سے | اور پر | اللہ | پس چاہیے کہ بھروسہ کریں

٣/٤ الحزب ١١
الْمُؤْمِنُونَ ۝١١ ۞ وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ
مومن - اہل ایمان | 5:11 | اور البتہ تحقیق | لیا | اللہ نے | پختہ عہد | بنی | اسرائیل سے

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي
اور مقرر کیے ہم نے | ان میں سے | بارہ | نگران - سردار - نقیب | اور کہا | اللہ نے | بیشک میں

مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ
تمہارے ساتھ ہوں | البتہ اگر | قائم کی تم نے | نماز | اور دی تم نے | زکوۃ

وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا
اور ایمان لائے تم | میرے رسولوں پر | اور تعظیم کی تم نے ان کی - مدد کی تم نے ان | اور قرض دیا تم نے | اللہ کو | قرض

حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ
حسنہ | البتہ میں ضرور دور کردوں گا | تم سے | تمہاری برائیاں | اور البتہ میں ضرور داخل کروں گا تم کو

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ
باغات میں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | تو جس نے | کفر کیا | بعد | اس کے

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝١٢ فَبِمَا نَقْضِهِمْ
تم میں سے | تو تحقیق | بھٹک گیا | سیدھے | راستے سے | 5:12 | تو بوجہ | ان کے توڑنے

مِيثَاقَهُمْ لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً ۖ يُحَرِّفُونَ
ان کے عہدوں کو | لعنت کی ہم نے ان پر | اور کردیا ہم نے | ان کے دلوں کو | سخت | وہ تحریف کرتے ہیں

الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ ۙ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا
کلام میں - وہ پھیر دیتے ہیں کلام کو | سے | اس کی جگہوں سے | اور وہ بھول گئے ہیں | ایک حصہ | اس میں سے جو | وہ نصیحت کیے گئے تھے

بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ ۖ
ساتھ اس کے | اور | ہمیشہ | تم اطلاع پاتے رہو گے | اوپر | ایک خیانت کے | ان کی طرف سے | مگر | بہت تھوڑے | ان میں سے

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝١٣
پس معاف کردو | ان کو | اور درگزر کرو | بیشک | اللہ | محبت رکھتا ہے | احسان کرنے والوں سے | 5:13

۱۰. جن لوگوں نے کفر کیا اور ہمارے احکام کو جھٹلایا وہ دوزخی ہیں ۔

۱۱. اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو احسان تم پر کیا ہے اسے یاد کرو جب ایک قوم نے تم پر دست درازی کرنی چاہی تو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں کو تم تک پہنچنے سے روک دیا، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے ۔

۱۲. اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد و پیمان لیا، اور انہی میں سے بارہ سردار ہم نے مقرر فرمائے، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نماز قائم رکھو گے اور زکوۃ دیتے رہو گے اور میرے رسولوں کو مانتے رہو گے اور ان کی مدد کرتے رہو گے اور اللہ تعالیٰ کو بہتر قرض دیتے رہو گے تو یقیناً میں تمہاری برائیاں تم سے دور رکھوں گا اور تمہیں ان جنتوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے چشمے بہہ رہے ہیں، اب اس عہد و پیمان کے بعد بھی تم میں سے جو انکاری ہو جائے وہ یقیناً راہ راست سے بھٹک گیا ۔

۱۳. پھر ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان پر اپنی لعنت نازل فرما دی اور ان کے دل سخت کر دیئے کہ وہ کلام کو اپنی جگہ سے بدل ڈالتے ہیں، اور جو کچھ نصیحت انہیں کی گئی تھی اس کا بہت بڑا حصہ بھلا بیٹھے۔ ان کی ایک نہ ایک خیانت تجھے ملتی رہے گی ہاں تھوڑے سے ایسے نہیں بھی ہیں، پس تو انہیں معاف کرتا رہ، بیشک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے ۔

وَمِنَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّا نَصَٰرَىٰٓ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَهُمۡ فَنَسُواْ
اور سے | ان لوگوں میں | جنہوں نے کہا | بیشک ہم | عیسائی ہیں- نصرانی ہیں | لیا ہم نے | ان سے پختہ عہد | تو وہ بھول گئے

حَظّٗا مِّمَّا ذُكِّرُواْ بِهِۦ فَأَغۡرَيۡنَا بَيۡنَهُمُ ٱلۡعَدَاوَةَ
ایک حصہ | اس میں سے جو | وہ نصیحت کیے گئے تھے | ساتھ اس کے | تو ڈال دی ہم نے - گاڑ دی ہم نے | ان کے درمیان | عداوت

وَٱلۡبَغۡضَآءَ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِۚ وَسَوۡفَ يُنَبِّئُهُمُ ٱللَّهُ
اور بغض | تک | دن | قیامت کے | اور عنقریب | بتائے گا ان کو | اللہ

بِمَا كَانُواْ يَصۡنَعُونَ ﴿١٤﴾ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ قَدۡ
بوجہ اس کے جو | تھے وہ | وہ کیا کرتے | 5:14 | اے اہل | کتاب | تحقیق

جَآءَكُمۡ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمۡ كَثِيرٗا مِّمَّا
آگیا تمہارے پاس | ہمارا رسول | بیان کرتا ہے | تمہارے لئے | بہت کچھ | اس میں سے جو

كُنتُمۡ تُخۡفُونَ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَيَعۡفُواْ عَن كَثِيرٖۚ
تھے تم | تم چھپاتے | سے | کتاب میں | اور وہ معاف کرتا ہے- درگزر کرجاتا ہے | سے | بہت کچھ

قَدۡ جَآءَكُم مِّنَ ٱللَّهِ نُورٞ وَكِتَٰبٞ مُّبِينٞ ﴿١٥﴾
تحقیق | آگیا تمہارے پاس | سے | اللہ کی طرف | نور - روشن | اور کتاب | روشن - واضح | 5:15

يَهۡدِي بِهِ ٱللَّهُ مَنِ ٱتَّبَعَ رِضۡوَٰنَهُۥ سُبُلَ ٱلسَّلَٰمِ
ہدایت دیتا ہے | اس کے ذریعے | اللہ | جو | پیروی کرے | اس کی رضا مندی کی | راستوں کی (طرف) | سلامتی کے

وَيُخۡرِجُهُم مِّنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِ بِإِذۡنِهِۦ
اور نکالتا ہے ان کو | سے | اندھیروں سے | طرف | روشنی کی | اپنے اذن سے

وَيَهۡدِيهِمۡ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ﴿١٦﴾ لَّقَدۡ كَفَرَ
اور ہدایت دیتا ہے ان کو | طرف | راستے کے | سیدھے | 5:16 | البتہ تحقیق | کفر کیا

ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡمَسِيحُ ٱبۡنُ مَرۡيَمَۚ
ان لوگوں نے | جنہوں نے کہا | بیشک | اللہ ہی | وہ | مسیح | ابن | مریم کو

قُلۡ فَمَن يَمۡلِكُ مِنَ ٱللَّهِ شَيۡـًٔا إِنۡ أَرَادَ أَن يُهۡلِكَ
کہہ دیجئے | تو کون ہوگا | مالک | سے | اللہ | کسی چیز کا | اگر | اس نے ارادہ کیا | کہ | ہلاک کر دے

ٱلۡمَسِيحَ ٱبۡنَ مَرۡيَمَ وَأُمَّهُۥ وَمَن فِي ٱلۡأَرۡضِ
مسیح کو (جو) | ابن | مریم ہے | اور اس کی ماں کو | اور جو بھی | میں | زمین میں ہے

جَمِيعٗاۗ وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَاۚ
سب کے سب کو | اور اللہ ہی کے لئے ہے | بادشاہت | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور جو | ان دونوں کے درمیان

يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ ﴿١٧﴾
وہ پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | 5:17

١٤. جو اپنے آپ کو نصرانی کہتے ہیں ہم نے ان سے بھی عہد و پیمان لیا، انہوں نے بھی اس کا بڑا حصہ فراموش کر دیا جو انہیں نصیحت کی گئی تھی، تو ہم نے بھی ان کے آپس میں بغض اور عداوت ڈال دی جو تاقیامت رہے گی، اور جو کچھ یہ کرتے تھے عنقریب اللہ تعالیٰ انہیں سب بتا دے گا،

١٥. اے اہل کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) آچکا جو تمہارے سامنے کتاب اللہ کی بکثرت ایسی باتیں ظاہر کر رہا ہے جنہیں تم چھپا رہے تھے اور بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے، تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے نور اور واضح کتاب آچکی ہے۔

١٦. جس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ انہیں جو رضائے رب کے درپے ہوں سلامتی کی راہ بتلاتا ہے اور اپنی توفیق سے اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف راہبری کرتا ہے۔

١٧. یقیناً وہ لوگ کافر ہوگئے جنہوں نے کہا اللہ ہی مسیح ابن مریم ہے، آپ ان سے کہہ دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم اور اس کی والدہ اور روئے زمین کے سب لوگوں کو ہلاک کر دینا چاہے تو کون ہے جو اللہ پر کچھ بھی اختیار رکھتا ہو؟ آسمانوں اور زمین دونوں کے درمیان کا کل ملک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اللہ ہرچیز پر قادر ہے۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ
اور کہا | یہود نے | اور نصاری نے | ہم | بیٹے ہیں | اللہ کے | اور اس کے پیارے - لاڈلے ہیں | کہہ دیجئے

فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۖ بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَن
پھر کیوں | وہ عذاب دیتا تم کو | بوجہ تمہارے گناہوں کے | بلکہ | تم | ایک انسان ہو | ان میں سے | جن کو اس نے پیدا کیا | بخش دے گا وہ | واسطے جس کے

يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۚ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
چاہے گا وہ | اور عذاب دے گا | جس کو | چاہے گا وہ | اور اللہ ہی کے لئے ہے | بادشاہت | آسمانوں کی | اور زمین کی

وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ
اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | اور اسی کی طرف | لوٹنا ہے | 5:18 | اے اہل | کتاب | تحقیق | آگیا تمہارے پاس

رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُوا مَا جَاءَنَا
ہمارا رسول | بیان کرتا ہے | تمہارے لئے | پر | ایک وقفے (کے بعد) | کے | رسولوں کے | کہ | تم یہ کہو | نہیں | آیا ہمارے پاس

مِن بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ جَاءَكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ
* | خوشخبری دینے والا | اور نہ | کوئی ڈرانے والا | تو تحقیق | آگیا تمہارے پاس | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور اللہ | اوپر | ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٩﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا
چیز کے | قادر ہے | 5:19 | اور جب | کہا | موسیٰ نے | واسطے اپنی قوم کے | اے میری قوم | یاد کرو

نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا
نعمت کو | اللہ کی | جو تم پر ہے | جب | اس نے بنائے | تم میں | انبیاء | اور بنایا تم کو | بادشاہ

وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴿٢٠﴾ يَا قَوْمِ ادْخُلُوا
اور عطا کیا تم کو | جو | نہیں | اس نے دیا | کسی ایک کو | سے | تمام جہان والوں میں (سے) | 5:20 | اے میری قوم | داخل ہوجاؤ

الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا
زمین میں | جو مقدس ہے | وہ جو | لکھ دی | اللہ نے | تمہارے لئے | اور نہ | تم پھر جاؤ

عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿٢١﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّ
اوپر | اپنی پیٹھوں کے | ورنہ تم لوٹ جاؤ گے | خسارہ پانے والے بن - ہوکر | 5:21 | انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بیشک

فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىٰ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِن
اس میں | ایک قوم ہے | زبردست لوگوں کی | اور بیشک ہم | ہرگز نہ | ہم داخل ہوں گے اس میں | یہاں تک کہ | وہ نکل جائیں | اس میں سے | پھر اگر

يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ
وہ نکل جائیں | اس میں سے | تو بیشک ہم داخل ہونے والے ہیں | 5:22 | کہا | دو آدمیوں نے | سے | ان لوگوں میں | جو ڈرتے تھے

أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ
انعام کیا تھا | اللہ نے | ان دونوں پر | داخل ہوجاؤ | ان پر | دروازے سے | پھر جب | تم داخل ہوجاؤ اس میں | تو بیشک تم

غَالِبُونَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٢٣﴾
غالب آنے والے ہو | اور پر | اللہ (ہی) | پس تم توکل کرو | اگر | ہو تم | ایمان لانے والے | 5:23

۱۸. یہود و نصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے دوست ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ پھر تمہیں تمہارے گناہوں کے باعث اللہ کیوں سزا دیتا ہے، نہیں بلکہ تم بھی اس کی مخلوق میں سے ایک انسان ہو وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب کرتا ہے، زمین و آسمان اور ان کے درمیان کی ہرچیز اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

۱۹. اے اہل کتاب ہمارا رسول تمہارے پاس رسولوں کی آمد کے ایک وقفے کے بعد آپہنچا ہے۔ جو تمہارے لئے صاف صاف بیان کر رہا ہے تاکہ تمہاری یہ بات نہ رہ جائے کہ ہمارے پاس تو کوئی بھلائی، برائی سنانے والا آیا ہی نہیں، پس اب تو یقیناً خوشخبری سنانے والا اور آگاہ کرنے والا آپہنچا، اور اللہ تعالیٰ ہرچیز پر قادر ہے۔

۲۰. اور یاد کرو موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا، کہ اے میری قوم کے لوگو! اللہ تعالیٰ کے اس احسان کا ذکر کیا کہ اس نے تم سے پیغمبر بنائے اور تمہیں بادشاہ بنا دیا، اور تمہیں وہ دیا جو تمام عالم میں کسی کو نہیں دیا۔

۲۱. اے میری قوم والو! اس مقدس زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے نام لکھ دی ہے، اور اپنی پشت کے بل روگردانی نہ کرو کہ پھر نقصان میں جا پڑو۔

۲۲. انہوں نے جواب دیا کہ اے موسیٰ وہاں تو زور آور سرکش لوگ ہیں اور جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں ہم تو ہرگز وہاں نہ جائیں گے ہاں اگر وہ وہاں سے نکل جائیں پھر تو ہم (بخوشی) چلے جائیں گے۔

۲۳. دو شخصوں نے جو خدا ترس لوگوں میں سے تھے، جن پر اللہ تعالیٰ کا فضل تھا کہا کہ تم ان کے پاس دروازے میں تو پہنچ جاؤ۔ دروازے پر قدم رکھتے ہی یقیناً تم غالب آجاؤ گے، اور تم اگر مومن ہو تو تمہیں اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

قَالُوا۟ يَٰمُوسَىٰٓ إِنَّا لَن نَّدْخُلَهَآ أَبَدًا مَّا دَامُوا۟ فِيهَا فَٱذْهَبْ

انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بیشک ہم | ہرگز نہیں | ہم داخل ہوں گے اس میں | کبھی بھی | مدت | جب تک وہ رہیں | اس میں | پس تم جاؤ

أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَٰتِلَآ إِنَّا هَٰهُنَا قَٰعِدُونَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّى

تم بھی | اور تیرا رب | پس دونوں جنگ کرو | بیشک ہم | اس جگہ - یہاں | بیٹھے ہیں - بیٹھنے والے ہیں | 5:24 | کہا (موسیٰ نے) | اے میرے رب | بیشک میں

لَآ أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِى وَأَخِى ۖ فَٱفْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ ٱلْقَوْمِ

نہیں | میں مالک | مگر | اپنے نفس کا | اور اپنے بھائی کا | پس جدائی ڈال دے | ہمارے درمیان | اور درمیان | قوم کے

ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ ۛ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ

وہ فاسقین ہیں | 5:25 | فرمایا (اس نے) | پس بیشک وہ | حرام کی گئی | ان پر | چالیس | سال

يَتِيهُونَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْفَٰسِقِينَ

وہ سرگرداں رہیں گے | میں | زمین | پس نہ | تم افسوس کرو | اوپر | قوم کے | جو فاسق (قوم کے) ہیں

الحزب ١٢

﴿٢٦﴾ ۞ وَٱتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ٱبْنَىْ ءَادَمَ بِٱلْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ

5:26 | اور پڑھ سنائیے | ان پر | خبر | دو بیٹوں کی | آدم کے | ساتھ حق کے | جب | ان دونوں نے قربانی کی | ایک قربانی | تو قبول کرلی گئی

مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ ٱلْءَاخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ ۖ

سے | ان دونوں میں سے ایک | اور نہ | قبول کی گئی | سے | دوسرے سے | کہا | البتہ میں ضرور قتل کردوں گا تجھ کو

قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ ٱللَّهُ مِنَ ٱلْمُتَّقِينَ ﴿٢٧﴾ لَئِنۢ بَسَطتَ إِلَىَّ يَدَكَ

کہا | بیشک | قبول کرتا ہے | اللہ | سے | متقین | 5:27 | البتہ اگر | تونے پھیلایا | میری طرف | اپنا ہاتھ

لِتَقْتُلَنِى مَآ أَنَا۠ بِبَاسِطٍ يَدِىَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ ۖ إِنِّىٓ أَخَافُ ٱللَّهَ

تاکہ تو قتل کردے مجھ کو | نہیں | میں | پھیلانے والا | اپنا ہاتھ | تیری طرف | تاکہ میں قتل کردوں تجھے | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ سے

رَبَّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٢٨﴾ إِنِّىٓ أُرِيدُ أَن تَبُوٓأَ بِإِثْمِى وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ

جو رب ہے | تمام جہان والوں کا | 5:28 | بیشک میں | میں چاہتا ہوں | کہ | تو پلٹے | ساتھ میرے گناہ سے | اور اپنے گناہ سے | پس تو ہوجائے گا

مِنْ أَصْحَٰبِ ٱلنَّارِ ۚ وَذَٰلِكَ جَزَٰٓؤُا۟ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾ فَطَوَّعَتْ

سے | اہل | آگ کے (آگ والوں میں سے) | اور یہ | بدلہ ہے | ظالموں کا | 5:29 | تو آسان کردیا

لَهُۥ نَفْسُهُۥ قَتْلَ أَخِيهِ فَقَتَلَهُۥ فَأَصْبَحَ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ﴿٣٠﴾

اس کے لئے | اس کے نفس نے | قتل کرنا | اپنے بھائی کا | تو اس نے قتل کردیا اس کو | تو وہ ہوگیا | سے | خسارہ پانے والوں میں | 5:30

فَبَعَثَ ٱللَّهُ غُرَابًا يَبْحَثُ فِى ٱلْأَرْضِ لِيُرِيَهُۥ كَيْفَ يُوَٰرِى

پھر بھیجا | اللہ نے | ایک کوا | جو کردیتا تھا - کھودتا تھا | میں | زمین میں | تاکہ وہ دکھائے اس کو | کس طرح | وہ چھپائے

سَوْءَةَ أَخِيهِ ۚ قَالَ يَٰوَيْلَتَىٰٓ أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَٰذَا

لاش | اپنے بھائی کی | کہا | ہائے افسوس مجھ پر | کیا میں عاجز ہوا - ہوگیا | یہ کہ | میں ہوجاؤں | مانند | اس

ٱلْغُرَابِ فَأُوَٰرِىَ سَوْءَةَ أَخِى ۖ فَأَصْبَحَ مِنَ ٱلنَّٰدِمِينَ ﴿٣١﴾

کوے کے | کہ میں چھپاؤں | لاش | اپنے بھائی کی | تو وہ ہوگیا | سے | نادم ہونے والوں میں | 5:31

۲۴. قوم نے جواب دیا کہ اے موسیٰ! جب تک وہ وہاں ہیں تب تک ہم ہرگز وہاں نہ جائیں گے، اس لئے تم اور تمہارا پروردگار جا کر دونوں ہی لڑ بھڑ لو، ہم یہیں بیٹھے رہیں گے۔

۲۵. موسیٰ (علیہ السلام) کہنے لگے الٰہی مجھے تو بجز اپنے اور میرے بھائی کے کسی اور پر کوئی اختیار نہیں، پس تو ہم میں اور ان نافرمانوں میں جدائی کر دے

۲۶. ارشاد ہوا کہ اب زمین ان پر چالیس سال تک حرام کر دی گئی ہے، یہ خانہ بدوش ادھر ادھر سرگرداں پھرتے رہیں گے، اس لئے تم ان فاسقوں کے بارے میں غمگین نہ ہونا۔

۲۷. آدم (علیہ السلام) کے دونوں بیٹوں کا خبر بھی انہیں سنا دو، ان دونوں نے ایک نذرانہ پیش کیا، ان میں سے ایک کی نذر قبول ہو گئی اور دوسرے کی مقبول نہ ہوئی تو کہنے لگا کہ میں تجھے مار ہی ڈالوں گا، اس نے کہا اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کا ہی عمل قبول کرتا ہے۔

۲۸. گو تو میرے قتل کے لئے دست درازی کرے لیکن میں تیرے قتل کی طرف ہرگز اپنے ہاتھ نہیں بڑھاؤں گا، میں تو اللہ تعالیٰ پروردگار عالم سے خوف کھاتا ہوں۔

۲۹. میں تو چاہتا ہوں کہ تو میرا گناہ اپنے سر پر رکھ لے اور دوزخیوں میں شامل ہو جائے، ظالموں کا یہی بدلہ ہے۔

۳۰. پس اسے اس کے نفس نے اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر دیا اسنے اسے قتل کر ڈالا جس سے نقصان پانے والوں میں سے ہو گیا

۳۱. پھر اللہ تعالیٰ نے ایک کوے کو بھیجا جو زمین کھود رہا تھا تاکہ اسے دکھائے کہ وہ کس طرح اپنے بھائی کی لاش کو چھپا دے، وہ کہنے لگا ہائے افسوس کہ میں ایسا کرنے سے بھی گیا گزرا ہو گیا ہوں کہ اس کوے کی طرح اپنے بھائی کی لاش کو دفنا دیتا پھر تو (بڑا ہی) پشیمان اور شرمندہ ہو گیا۔

مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ بَنِي إِسْرَاءِيلَ أَنَّهُ مَن قَتَلَ
سے | وجہ | اس | لکھ دی ہم نے | پر | بنی | اسرائیل | بیشک وہ | جو کوئی | قتل کرے

نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ
کسی نفس کو | بغیر کسی | نفس کے | یا | فساد کرنے کے | میں | زمین | تو گویا کہ | اس نے قتل کیا

النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ
لوگوں کو | سب کے سب کو | اور جس نے | زندہ کیا اس کو | تو گویا کہ | اس نے زندہ کیا | لوگوں کو

جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا
سب کے سب کو | اور البتہ تحقیق | آئے ان کے پاس | ہمارے رسول | ساتھ روشن دلائل کے | پھر | بیشک | بہت سے

مِّنْهُم بَعْدَ ذَٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ﴿٣٢﴾ إِنَّمَا
ان میں سے | بعد | اس کے | میں | زمین | البتہ زیادتی کرنے والے ہیں | ۵:۳۲ | بیشک

جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي
بدلہ | ان لوگوں کا | جو جنگ کرتے ہیں | اللہ سے | اور اس کے رسول سے | اور وہ دوڑ دھوپ کرتے ہیں | میں

الْأَرْضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ
زمین | فساد کے لئے | یہ کہ | وہ قتل کئے جائیں | یا | وہ سولی چڑھائے جائیں | یا | کاٹ دیے جائیں | ان کے ہاتھوں

وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ
اور ان کے پاؤں | سے | مخالف سمت (سے) | یا | وہ نکال دیے جائیں | سے | زمین | یہ

لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ
ان کے لئے | رسوائی ہے | میں | دنیا | اور ان کے لئے | میں | آخرت | عذاب ہے | بڑا

﴿٣٣﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا
۵:۳۳ | مگر | وہ لوگ | جو توبہ کریں | اس سے پہلے | کہ | تم قدرت پاجاؤ۔ غلبہ پاجاؤ | ان پر | تو جان لو

أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا
بیشک | اللہ | بخشنے والا ہے | مہربان ہے | ۵:۳۴ | اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | ڈرو

اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ
اللہ سے | اور تلاش کرو | اس کی طرف | وسیلہ | اور جہاد کرو | میں | اس کی راہ (میں)

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم
تاکہ تم | تم فلاح پاجاؤ۔ تم کامیاب ہوجاؤ | ۵:۳۵ | بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | اگر | بیشک | ان کے لئے ہو

مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ
جو | میں | زمین | سارے کا سارا | اور اس کی مانند | اس کے ساتھ | تاکہ وہ فدیہ دیں | ساتھ اس کے | سے

عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٣٦﴾
عذاب سے (بچنے کے لئے) | دن | قیامت کے | نہیں | قبول کیا جائے گا | ان سے | اور ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | ۵:۳۶

۳۲. اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر
یہ لکھ دیا کہ جو شخص کسی کو بغیر
اس کے کہ وہ کسی کا قاتل ہو یا زمین میں
فساد مچانے والا ہو، قتل کر ڈالے تو گویا
اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا، اور جو
شخص کسی ایک کی جان بچائے اس نے گویا
تمام لوگوں کو زندہ کر دیا، اور ان کے پاس
ہمارے بہت سے رسول ظاہر دلیلیں لے کر
آئے لیکن پھر اس کے بعد بھی ان میں اکثر
لوگ زمین میں ظلم و زیادتی اور زبردستی
کرنے والے ہی رہے۔
۳۳. جو اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے
لڑیں اور زمین میں فساد کرتے پھریں ان کی
سزا یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی
چڑھا دیے جائیں یا مخالف جانب سے ان کے
ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں۔ یا انہیں جلا
وطن کر دیا جائے، یہ تو ہوئی انکی دنیاوی
ذلت اور خواری، اور آخرت میں ان کے لئے
بڑا بھاری عذاب ہے۔
۳٤. ہاں جو لوگ اس سے پہلے توبہ کرلیں کہ
تم ان پر قابو پالو، تو یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ
بہت بڑی بخشش اور رحم و کرم والا ہے۔
۳٥. مسلمانو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور
اس کا قرب تلاش کرو، اور اس کی راہ میں
جہاد کرو تاکہ تمہارا بھلا ہو۔
۳٦. یقین مانو کہ کافروں کے لئے اگر وہ سب
کچھ ہو جو ساری زمین میں بلکہ اس کی
مثل اور بھی ہو اور وہ اس سب کو قیامت کے
دن کے عذاب کے بدلے فدیہ میں دینا چاہیں
تو بھی ناممکن ہے کہ ان کا فدیہ قبول کر لیا
جائے، ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا

وہ چاہیں گے | کہ | وہ نکل جائیں | سے | آگ | اور نہیں ہوں گے | وہ | نکلنے والے | اس سے

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا

اور ان کے لئے | عذاب ہے | دائمی - قائم رہنے والا | ۵:۳۷ | اور جو چور مرد ہے | اور جو چور عورت ہے | پس کاٹ دو

أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ

ان دونوں کے ہاتھ | جزا ہے | بوجہ اس کے جو | ان دونوں نے کمائی کی | عبرت ناک سزا ہے - باعث عبرت سزا ہے | سے | اللہ کی طرف | اور اللہ | زبردست ہے

حَكِيمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ

حکمت والا ہے | ۵:۳۸ | تو جو کوئی | توبہ کرے | بعد | اپنے ظلم کے (بعد) | اور اصلاح کرلے | تو بیشک | اللہ

يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٩﴾ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ

مہربان ہوتا ہے | اس پر | بیشک | اللہ | غفور | رحیم ہے | ۵:۳۹ | کیا نہیں | تم نے جانا | بیشک | اللہ

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَغْفِرُ

اس کے لیے لئے | بادشاہت | آسمانوں کی | اور زمین کی | عذاب دے گا - دیتا ہے | جس کو | چاہے گا - چاہتا ہے | اور بخش دے گا - دیتا ہے

١/٤ الحزب ١٢

لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤٠﴾ ۞ يَا أَيُّهَا

جس کو | وہ چاہے گا - چاہتا ہے | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قدرت رکھنے والا ہے | ۵:۴۰ | اے

الرَّسُولُ لَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ مِنَ

رسول | نہ | غمگین کریں آپ کو | وہ لوگ | جو دوڑ دھوپ کرتے ہیں | میں | کفر | سے

الَّذِينَ قَالُوا آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ ۛ وَمِنَ

ان لوگوں میں سے | جو کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اپنے مونہوں سے | حالانکہ نہیں | ایمان لائے | ان کے دل | اور میں سے

الَّذِينَ هَادُوا ۛ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ

ان لوگوں (میں سے) | جو یہودی بن بیٹھے - یہودی ہوئے | بہت زیادہ سننے والے ہیں | جھوٹ کے لئے - کو | بہت زیادہ سننے والے ہیں | قوم کے لئے

آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ ۖ

دوسری (قوم کے لئے) | نہیں | وہ آئے آپ کے پاس | وہ پھیر دیتے ہیں | باتوں کو | بعد | ان کی جگہیں (مقرر ہونے کے)

يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيتُمْ هَٰذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ

وہ کہتے ہیں | اگر | دیے جاؤ تم | یہ | تو لے لو اس کو | اور اگر | نہ | تم دیے جاؤ اس کو

فَاحْذَرُوا ۚ وَمَن يُرِدِ اللَّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللَّهِ

تو چھوڑ دو - بچو - محتاط رہو | اور جس سے | ارادہ کرلے | اللہ | اس کی آزمائش کا | تو ہرگز نہیں | تم مالک ہوسکتے | اس کے لئے | سے | اللہ کی طرف

شَيْئًا ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ

کسی چیز کے | یہی لوگ | وہ لوگ ہیں | نہیں | ارادہ رکھتا | اللہ | کہ | پاک کرے | ان کے دلوں کو | ان کے لئے

فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٤١﴾

میں | دنیا | رسوائی ہے | اور ان کے لئے | میں | آخرت میں | عذاب ہے | بڑا | ۵:۴۱

۳۷. یہ چاہیں گے کہ وہ دوزخ میں سے نکل جائیں لیکن یہ ہرگز اس میں سے نہیں نکل سکیں گے، ان کے لئے دوامی عذاب ہیں۔

۳۸. چوری کرنے والا مرد اور عورت کے ہاتھ کاٹ دیا کرو یہ بدلہ ہے اس کا جو انہوں نے کیا، عذاب اللہ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ قوت اور حکمت والا ہے۔

۳۹. جو شخص اپنے گناہ کے بعد توبہ کر لے اور اصلاح کر لے تو اللہ تعالیٰ رحمت کے ساتھ اس کی طرف لوٹتا ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا مہربانی کرنے والا ہے۔

۴۰. کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کے لئے زمین و آسمان کی بادشاہت ہے؟ جسے چاہے سزا دے اور جسے چاہے معاف کر دے، اللہ تعالیٰ ہرچیز پر قادر ہے۔

۴۱. اے رسول! آپ ان لوگوں کے پیچھے نہ کڑھیئے جو کفر میں سبقت کر رہے ہیں خواہ وہ ان (منافقوں) میں سے ہوں جو زبانی تو ایمان کا دعوا کرتے ہیں لیکن حقیقتاً ان کے دل با ایمان نہیں، اور یہودیوں میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو غلط باتیں سننے کے عادی ہیں اور ان لوگوں کے جاسوس ہیں جو اب تک آپ کے پاس نہیں آئے وہ کلمات کو اصلی موقف کو چھوڑ کر انہیں تبدیل کر دیا کرتے ہیں، کہتے کہ اگر تم یہ حکم دیئے جاؤ تو قبول کر لینا اگر یہ حکم نہ دیئے جاؤ تو الگ تھلگ رہنا اور جس کا خراب کرنا اللہ کو منظور ہو تو آپ اس کے لئے خدائی ہدایت میں سے کسی چیز کے مختار نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارادہ ان کے دلوں کو پاک کرنے کا نہیں ان کے لئے دنیا میں بھی بڑی ذلت اور رسوائی ہے اور آخرت میں بھی ان کے لئے بڑی سخت سزا ہے۔

6

سَمَّٰعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّٰلُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَإِن جَآءُوكَ
بہت زیادہ سننے والے ہیں | جھوٹ کے لئے | بہت زیادہ کھانے والے ہیں | حرام | پھر اگر | وہ آئیں تمہارے پاس

فَٱحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ ۖ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن
تو فیصلہ کرو | ان کے درمیان | یا | اعراض کرو | ان سے | اور اگر | تم اعراض برتو | ان سے | تو ہرگز نہیں

يَضُرُّوكَ شَيْـًٔا ۖ وَإِنْ حَكَمْتَ فَٱحْكُم بَيْنَهُم بِٱلْقِسْطِ ۚ
وہ نقصان پہنچا سکتے آپ کو | کچھ بھی | اور اگر تم | فیصلہ کرو | تو فیصلہ کرو | ان کے درمیان | انصاف کے ساتھ

إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلْمُقْسِطِينَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ
بیشک | اللہ | محبت رکھتا ہے | انصاف کرنے والوں سے | 5:42 | اور کس طرح | وہ منصف بنائیں گے آپ کو

وَعِندَهُمُ ٱلتَّوْرَىٰةُ فِيهَا حُكْمُ ٱللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنۢ بَعْدِ
حالانکہ۔ جبکہ ان کے پاس | تورات ہے | اس میں | حکم ہے | اللہ کا | پھر | وہ منہ موڑ جاتے ہیں | بعد

ذَٰلِكَ ۚ وَمَآ أُو۟لَٰٓئِكَ بِٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٣﴾ إِنَّآ أَنزَلْنَا ٱلتَّوْرَىٰةَ
اس کے | اور نہیں | یہ لوگ | ایمان لانے والے | 5:43 | بیشک ہم نے | نازل کی ہم نے | تورات

فِيهَا هُدًى وَنُورٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا ٱلنَّبِيُّونَ ٱلَّذِينَ أَسْلَمُوا۟
اس میں | ہدایت | اور نور ہے | فیصلہ کرتے تھے | ساتھ اس کے | انبیاء | وہ لوگ | جو اسلام لائے

لِلَّذِينَ هَادُوا۟ وَٱلرَّبَّٰنِيُّونَ وَٱلْأَحْبَارُ بِمَا ٱسْتُحْفِظُوا۟ مِن
ان لوگوں کے | جو یہودی ہوئے | اور ربانی ہیں | اور علماء۔ فقہاء بھی | بوجہ اس کے | جو نگران ٹھہرائے گئے | سے

كِتَٰبِ ٱللَّهِ وَكَانُوا۟ عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا۟ ٱلنَّاسَ
کتاب میں | اللہ کی | اور تھے وہ | اس پر | گواہ | تو نہ | تم ڈرو | لوگوں سے

وَٱخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوا۟ بِـَٔايَٰتِى ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم
اور ڈرو مجھ سے | اور نہ تم | بیچو | میری آیات کو | قیمت | تھوڑی (قیمت کے عوض) | اور جو کوئی | نہ | فیصلہ کرے

بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْكَٰفِرُونَ ﴿٤٤﴾ وَكَتَبْنَا
ساتھ اس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | تو یہ لوگ | یہی | کافر ہیں | 5:44 | اور لکھ دیا ہم نے

عَلَيْهِمْ فِيهَآ أَنَّ ٱلنَّفْسَ بِٱلنَّفْسِ وَٱلْعَيْنَ بِٱلْعَيْنِ وَٱلْأَنفَ
ان پر | اس میں | بیشک | جان | بدلے جان کے | اور آنکھ | بدلے آنکھ کے | اور ناک

بِٱلْأَنفِ وَٱلْأُذُنَ بِٱلْأُذُنِ وَٱلسِّنَّ بِٱلسِّنِّ وَٱلْجُرُوحَ
بدلے ناک کے | اور کان | بدلے کان کے | اور دانت | بدلے دانت کے | اور تمام زخموں کا بھی

قِصَاصٌ ۚ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِۦ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُۥ ۚ وَمَن
بدلہ ہے | تو جو کوئی | صدقہ کرے۔ معاف کردے | ساتھ اس کے | تو وہ | کفارہ ہوگا | اس کے | اور جو کوئی

لَّمْ يَحْكُم بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ ﴿٤٥﴾
نہ | فیصلہ کرے | ساتھ اس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | تو یہ لوگ | یہی | ظالم ہیں | 5:45

٤٢. یہ کان لگا کر جھوٹ کے سننے والے اور جی بھر بھر کر حرام کے کھانے والے ہیں اگر یہ تمہارے پاس آئیں تو تمہیں اختیار ہے خواہ ان کے آپس کا فیصلہ کرو خواہ ان کو ٹال دو، اگر تم ان سے منہ پھیرو گے تو بھی یہ تم کو ہرگز کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے اور اگر تم فیصلہ کرو تو ان میں عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو، یقیناً عدل والوں کے ساتھ اللہ محبت رکھتا ہے۔

٤٣. (تعجب کی بات ہے کہ) وہ کیسے اپنے پاس تورات ہوتے ہوئے جس میں احکام الٰہی ہیں تم کو منصف بناتے ہیں پھر اس کے بعد بھی پھر جاتے ہیں، دراصل یہ ایمان و یقین والے ہی نہیں۔

٤٤. ہم نے تورات نازل فرمائی ہے جس میں ہدایت و نور ہے یہودیوں میں اسی تورات کے ساتھ اللہ تعالٰی کے ماننے والے (انبیاء علیہ السلام) اور اہل اللہ اور علماء فیصلے کرتے تھے کیونکہ انہیں اللہ کی اس کتاب کی حفاظت کا حکم دیا گیا تھا، اور وہ اس پر اقراری گواہ تھے، اب تمہیں چاہیے کہ لوگوں سے نہ ڈرو اور صرف میرا ڈر رکھو، میری آیتوں کو تھوڑے سے مول نہ بیچو، اور جو لوگ اللہ کی اتاری ہوئی وحی کے ساتھ فیصلے نہ کریں وہ (پورے اور پختہ) کافر ہیں۔ (٦)

٤٥. اور ہم نے یہودیوں کے ذمہ تورات میں یہ بات مقرر کر دی تھی کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ بدلے آنکھ اور ناک بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے، پھر جو شخص اس کو معاف کر دے تو وہ اس کے لئے کفارہ ہے اور جو لوگ اللہ کے نازل کئے ہوئے کے مطابق نہ کریں، وہ ہی لوگ ظالم ہیں۔

وَقَفَّيْنَا عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِم بِعِيسَى ٱبْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

اور پیچھے بھیجا ہم نے | اوپر | ان کے آثار کے | عیسیٰ | ابن | مریم کو | جو تصدیق کرنے والا | واسطے اس کے | جو اس کے آگے ہے

مِنَ ٱلتَّوْرَىٰةِ ۖ وَءَاتَيْنَٰهُ ٱلْإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا

سے | تورات | اور دی ہم نے اس کو | انجیل | اس میں | ہدایت ہے | اور نور ہے | اور تصدیق کرنے والی ہے

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ ٱلتَّوْرَىٰةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٦﴾

واسطے اس کے | جو اس کے آگے ہے | سے | تورات میں | اور ہدایت | اور نصیحت | واسطے متقین کے | ۵:۴۶

وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ ٱلْإِنجِيلِ بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فِيهِ ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم

اور چاہیے کہ فیصلہ کریں | اہل | انجیل۔ انجیل والے | ساتھ اس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | اس میں | اور جو کوئی | نہ | فیصلہ کرے گا

بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ ﴿٤٧﴾ وَأَنزَلْنَآ إِلَيْكَ

ساتھ اس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | تو یہ لوگ | یہی | فاسق ہیں | ۵:۴۷ | اور ہم نے نازل کی | آپ کی طرف

ٱلْكِتَٰبَ بِٱلْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ ٱلْكِتَٰبِ

کتاب | سچائی کے ساتھ | تصدیق کرنے والی | اس کی | جو اس کے آگے ہے | سے | کتاب

وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ ۖ فَٱحْكُم بَيْنَهُم بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ

اور نگہبان ومحافظ | اس پر | سو فیصلہ کریں | ان کے درمیان | اس سے جو | نازل کیا | اللہ | اور نہ | آپ پیروی کریں | ان کی خواہشات

عَمَّا جَآءَكَ مِنَ ٱلْحَقِّ ۚ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا ۚ

اس سے | تمہارے پاس آگیا | سے | حق | ہر ایک کے لئے | ہم نے مقرر کیا ہے | تم میں سے | دستور | اور راستہ

وَلَوْ شَآءَ ٱللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَكُمْ

اور اگر | چاہتا | اللہ | تو تمہیں کر دیتا | امت | واحدہ (ایک) | اور لیکن | تاکہ تمہیں آزمائے

فِى مَآ ءَاتَىٰكُمْ ۖ فَٱسْتَبِقُوا۟ ٱلْخَيْرَٰتِ ۚ إِلَى ٱللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا

میں | جو | اس نے تمہیں دیا | پس سبقت کرو | نیکیاں | طرف | اللہ | تمہیں لوٹنا | سب کو

فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٤٨﴾ وَأَنِ ٱحْكُم بَيْنَهُم

وہ تمہیں بتلادے گا | جو | تم تھے | اس میں | اختلاف کرتے | ۵:۴۸ | اور یہ کہ | فیصلہ کرو | ان کے درمیان

بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ وَٱحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَنۢ

ساتھ اس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | اور نہ | تم پیروی کرو | ان کی خواہشات کی | اور ہوشیار رہو ان سے - محتاط رہو ان سے | کہ | وہ فتنہ میں نہ ڈالیں تم کو | سے

بَعْضِ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ إِلَيْكَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا۟ فَٱعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُصِيبَهُم

بعض اس سے | جو | نازل کیا | اللہ نے | آپ کی طرف | پھر اگر | وہ منہ موڑ جائیں | تو جان لو | بیشک | چاہتا ہے | اللہ | کہ | مصیبت پہنچائے ان کو۔ مصیبت میں ڈالے ان کو

بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ ٱلنَّاسِ لَفَٰسِقُونَ ﴿٤٩﴾ أَفَحُكْمَ

بوجہ بعض | ان کے گناہوں کے | اور بیشک | بہت | سے | لوگوں میں سے | البتہ فاسق ہیں | ۵:۴۹ | کیا بھلا حکم۔ فیصلہ

ٱلْجَٰهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ ٱللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾

جاہلیت کا | وہ چاہتے ہیں | اور کون | زیادہ اچھا ہے | سے | اللہ سے بڑھ کر | فیصلہ کرنے میں | واسطے قوم کے | جو یقین رکھتی ہے | ۵:۵۰

٤٦. اور ہم نے ان کے پیچھے عیسیٰ بن مریم کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب یعنی تورات کی تصدیق کرنے والے تھے اور ہم نے انہیں انجیل عطاء فرمائی جس میں نور اور ہدایت ہے اور اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرتی تھی دوسرا اس میں ہدایت و نصیحت تھی پارسا لوگوں کے لئے۔

٤٧. اور انجیل والوں کو بھی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ انجیل میں نازل فرمایا ہے اسی کے مطابق حکم کریں، اور جو اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ سے ہی حکم نہ کریں وہ (بدکار) فاسق ہیں۔

٤٨. اور ہم نے آپ کی طرف حق کے ساتھ یہ کتاب نازل فرمائی ہے جو اپنے سے اگلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور ان کی محافظ ہے، اس لئے آپ ان کے آپس کے معاملات میں اسی اللہ کی اتاری ہوئی کتاب کے مطابق حکم کیجئے، اس حق سے ہٹ کر ان کی خواہشوں کے پیچھے نہ جائیے، تم میں سے ہر ایک کے لئے ہم نے ایک دستور اور راہ مقرر کر دی اگر منظور مولا ہوتا تو سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن اس کی چاہت ہے کہ جو تمہیں دیا ہے اس میں تمہیں آزمائے تم نیکیوں کی طرف جلدی کرو تم سب کا رجوع اللہ ہی کی طرف ہے، پھر وہ تمہیں ہر وہ چیز بتا دے گا، جس میں تم اختلاف کرتے رہتے تھے۔

٤٩. آپ ان کے معاملات میں خدا کی نازل کردہ وحی کے مطابق ہی حکم کیا کیجئے، ان کی خواہشوں کی تابعداری نہ کیجئے اور ان سے ہوشیار رہیے کہ کہیں یہ آپ کو اللہ کے اتارے ہوئے کسی حکم سے ادھر ادھر نہ کریں اگر یہ لوگ منہ پھیر لیں تو یقین کریں کہ اللہ کا ارادہ یہ ہے کہ انہیں ان کے بعض گناہوں کی سزا دے ہی ڈالے اور اکثر لوگ نافرمان ہی ہوتے ہیں۔

٥٠. کیا یہ لوگ پھر سے جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے بہتر فیصلے اور حکم کرنے والا کون ہو سکتا ہے۔

٢/٤ الحزب ١٢

* يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوا۟ ٱلْيَهُودَ وَٱلنَّصَٰرَىٰٓ أَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ
اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | نہ | تم بناؤ | یہود کو | اور نصاریٰ کو | دوست | ان میں سے بعض

أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُۥ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ
دوست ہیں | بعض کے | اور جو کوئی | دوست بنائے گا ان کو | تم میں سے | پس بیشک وہ | انہی میں سے ہیں | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم کو

ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٥١﴾ فَتَرَى ٱلَّذِينَ فِى قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَٰرِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ
جو ظالم ہیں | 5:51 | تو تم دیکھو گے | ان لوگوں کو | میں | جن کے دلوں میں | بیماری ہے | وہ دوڑ دھوپ کرتے ہیں | ان میں | وہ کہتے ہیں

نَخْشَىٰٓ أَن تُصِيبَنَا دَآئِرَةٌ ۚ فَعَسَى ٱللَّهُ أَن يَأْتِىَ بِٱلْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِۦ
ہم ڈرتے ہیں | کہ | پہنچے گی ہم کو | کوئی مصیبت - گردش | تو امید ہے کہ | اللہ | کہ | لے آئے | فتح | یا | کوئی حکم - فیصلہ | سے | اپنی طرف سے

فَيُصْبِحُوا۟ عَلَىٰ مَآ أَسَرُّوا۟ فِىٓ أَنفُسِهِمْ نَٰدِمِينَ ﴿٥٢﴾ وَيَقُولُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟
پھر وہ ہوجائیں | اوپر اس کے | جو | انہوں نے چھپایا | میں | اپنے نفسوں میں | ندامت اٹھانے والے - شرمسار ہونے والے | 5:52 | اور کہتے ہیں | وہ لوگ | جو ایمان لائے

أَهَٰٓؤُلَآءِ ٱلَّذِينَ أَقْسَمُوا۟ بِٱللَّهِ جَهْدَ أَيْمَٰنِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ
کیا یہ ہیں | وہ لوگ | جنہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ کی | پکی | قسمیں اپنی | بیشک وہ | البتہ تمہارے ساتھ ہیں | ضائع ہوگئے

أَعْمَٰلُهُمْ فَأَصْبَحُوا۟ خَٰسِرِينَ ﴿٥٣﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مَن يَرْتَدَّ
ان کے اعمال | تو وہ ہوگئے | خسارہ پانے والے | 5:53 | اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو | جو کوئی | پھر جائے گا - مرتد ہوا

مِنكُمْ عَن دِينِهِۦ فَسَوْفَ يَأْتِى ٱللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُۥٓ أَذِلَّةٍ
تم میں سے | سے | اپنے دین سے | تو عنقریب | لے آئے گا | اللہ | ایک قوم | وہ محبت کرے گا ان سے | اور وہ محبت کریں گے اس سے | زیادہ نرم - متواضع

عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى ٱلْكَٰفِرِينَ يُجَٰهِدُونَ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلَا
پر | مومنوں پر | زبردست - شدید - عزت والے | پر | کافروں پر | وہ جہاد کریں گے | میں | راستے | اللہ کے | اور نہیں

يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ ٱللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَآءُ ۚ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ
وہ ڈریں گے | ملامت سے | ملامت کرنے والی کی | یہ | فضل ہے | اللہ کا | وہ دیتا ہے اس کو | جس کو | وہ چاہتا ہے | اور اللہ | وسعت والا ہے

عَلِيمٌ ﴿٥٤﴾ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱلَّذِينَ يُقِيمُونَ
علم والا ہے | 5:54 | بیشک | تمہارا دوست | اللہ ہے | اور اس کا رسول | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے ہیں | وہ لوگ ہیں | جو قائم کرتے ہیں

ٱلصَّلَوٰةَ وَيُؤْتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ وَهُمْ رَٰكِعُونَ ﴿٥٥﴾ وَمَن يَتَوَلَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ
نماز | اور وہ دیتے ہیں | زکوۃ | اور وہ | رکوع کرنے والے ہیں | 5:55 | اور جو کوئی | دوستی کرے گا | اللہ سے | اور اس کے رسول سے

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ فَإِنَّ حِزْبَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلْغَٰلِبُونَ ﴿٥٦﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
اور ان لوگوں سے | جو ایمان لائے | تو بیشک | گروہ | اللہ کا ہی | وہ ہے | جو غالب آنے والے ہیں | 5:56 | اے | وہ لوگو | جو ایمان لائے ہو

لَا تَتَّخِذُوا۟ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُوا۟ دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟
نہ | تم بناؤ | ان لوگوں کو | جنہوں نے بنا لیا | تمہارے دین کو | مذاق | اور کھیل | سے | ان لوگوں میں سے | جو دیئے گئے

ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكُمْ وَٱلْكُفَّارَ أَوْلِيَآءَ ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾
کتاب | سے | تم سے پہلے | اور کافروں کو | دوست | اور ڈرو | اللہ سے | اگر | ہو تم | ایمان لانے والے | 5:57

۵۱. اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ تم میں سے جو بھی ان میں سے کسی سے دوستی کرے وہ بیشک انہی میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہرگز راہ راست نہیں دکھاتا۔

۵۲. آپ دیکھیں گے کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے وہ دوڑ دوڑ کر ان میں گھس رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں خطرہ ہے، ایسا نہ ہو کہ کوئی حادثہ ہم پر پڑ جائے۔ بہت ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ فتح دے دے یا اپنے پاس سے کوئی اور چیز لائے پھر تو یہ اپنے دلوں میں چھپائی ہوئی باتوں پر (بے طرح) نادم ہونے لگیں گے۔

۵۳. اور ایماندار کہیں گے، کیا یہی وہ لوگ ہیں جو بڑے مبالغے سے اللہ کی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ان کے اعمال غارت ہوئے اور یہ ناکام ہوگئے۔

۵۴. اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسی قوم کو لائے گا جو اللہ کی محبوب ہوگی اور وہ بھی اللہ سے محبت رکھتی ہوگی وہ نرم دل ہونگے مسلمانوں پر سخت اور تیز ہونگے کفار پر، اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ بھی نہ کریں گے۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ کا فضل جسے چاہے دے، اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا اور زبردست علم والا ہے۔

۵۵. (مسلمانو!) تمہارا دوست خود اللہ ہے اور اسکا رسول ہے اور ایمان والے ہیں جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور رکوع (خشوع و خضوع) کرنے والے ہیں۔

۵۶. اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول سے اور مسلمانوں سے دوستی کرے، وہ یقین مانے کہ اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب رہے گی۔

۵۷. اے ایمان والو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جو تمہارے دین کو ہنسی کھیل بنائے ہوئے ہیں (خواہ) وہ ان میں سے ہوں جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے یا کفار ہوں اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ ٱتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ
اور جب | پکارتے ہو تم | طرف | نماز کی | وہ بنا لیتے ہیں اس کو | مذاق | اور کھیل | یہ | بوجہ اس کے بیشک وہ | ایک ایسی قوم ہیں

لَّا يَعْقِلُونَ ۝٥٨ قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّآ إِلَّآ أَنْ ءَامَنَّا
نہیں | وہ عقل رکھتے | ۵:۵۸ | کہہ دیجئے | اے اہل | کتاب | کیا نہیں | تم ناراض ہوئے | ہم سے | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے

بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَٰسِقُونَ ۝٥٩
اللہ پر | اور جو کچھ | نازل کیا گیا | ہماری طرف | اور جو کچھ | نازل کیا گیا | اس سے پہلے | اور بیشک | تم میں سے اکثر | فاسق ہیں | ۵:۵۹

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكَ مَثُوبَةً عِندَ ٱللَّهِ مَن لَّعَنَهُ ٱللَّهُ وَغَضِبَ
کہہ دیجئے | کیا | میں بتاؤں تم کو | ساتھ بری چیز کے | سے | اس | ثواب میں - انجام میں - بدلہ پانے میں | نزدیک | اللہ کے | وہ شخص | جس پر لعنت کی | اللہ نے | اور غضب ناک ہوا

عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ ٱلْقِرَدَةَ وَٱلْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ ٱلطَّٰغُوتَ أُو۟لَٰٓئِكَ شَرٌّ
اس پر | اور اس نے بنائے | ان میں سے | بندر | اور خنزیر | اور جس نے بندگی کی | طاغوت کی | یہی لوگ | بدترین ہیں

مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَآءِ ٱلسَّبِيلِ ۝٦٠ وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَقَد
مرتبے میں | اور زیادہ بھٹکے ہوئے | سے | سیدھے | راستے | ۵:۶۰ | اور جب | وہ آتے ہیں تمہارے پاس | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | حالانکہ تحقیق

دَّخَلُوا۟ بِٱلْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا۟ بِهِۦ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا۟ يَكْتُمُونَ
وہ داخل ہوئے | ساتھ کفر کے | اور وہ | تحقیق | (وہ) نکلے | ساتھ اس کے | اور اللہ | زیادہ جانتا ہے | ساتھ اس کے جو | تھے وہ | وہ چھپاتے

۝٦١ وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ وَأَكْلِهِمُ
۵:۶۱ | اور تم دیکھو گے | بہت سوں کو | ان میں سے | وہ دوڑ دھوپ کرتے ہیں | میں | گناہ | اور زیادتی میں | اور کھانا ان کا

ٱلسُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ۝٦٢ لَوْلَا يَنْهَىٰهُمُ ٱلرَّبَّٰنِيُّونَ
حرام | البتہ کتنا برا ہے | جو | تھے وہ | وہ عمل کرتے | ۵:۶۲ | کیوں نہیں | روکتے ان کو | اللہ والے - ربانی

وَٱلْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ ٱلْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ ٱلسُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا۟
اور علماء | سے | ان کی بات | ان کے گناہ | اور ان کے کھانے سے | حرام کو | البتہ کتنا برا ہے | جو | وہ ہیں

يَصْنَعُونَ ۝٦٣ وَقَالَتِ ٱلْيَهُودُ يَدُ ٱللَّهِ مَغْلُولَةٌ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا۟
وہ کرتے | ۵:۶۳ | اور کہا | یہود نے | ہاتھ | اللہ کے | بندھے ہوئے ہیں | باندھ دیے گئے | ان کے ہاتھ | اور وہ لعنت کیے گئے

بِمَا قَالُوا۟ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا
بوجہ اس کے جو | انہوں نے کہا | بلکہ | اس کے دونوں ہاتھ | پھیلے ہوئے ہیں | وہ خرچ کرتا ہے | جس طرح | وہ چاہتا ہے | اور البتہ ضرور بڑھا دیتا ہے بہت سوں کو

مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَٰنًا وَكُفْرًا وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ ٱلْعَدَٰوَةَ
ان میں سے | جو | نازل کیا گیا | تیری طرف | سے | تیرے رب کی طرف | سرکشی میں | اور کفر میں | اور ڈال دی ہم نے | ان کے درمیان | عداوت

وَٱلْبَغْضَآءَ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْقِيَٰمَةِ كُلَّمَآ أَوْقَدُوا۟ نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا
اور بغض | تک | دن | قیامت کے | جب کبھی | انہوں نے بھڑکائی | آگ | جنگ کے لئے | بجھا دیا اس کو

ٱللَّهُ وَيَسْعَوْنَ فِى ٱلْأَرْضِ فَسَادًا وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلْمُفْسِدِينَ ۝٦٤
اللہ نے | اور وہ دوڑ دھوپ کرتے ہیں | میں | زمین میں | فساد کی | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا | فساد کرنے والوں کو | ۵:۶۴

۵۸. اور جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو تو وہ اسے ہنسی کھیل ٹھرا لیتے ہیں یہ اس واسطے کہ بے عقل ہیں۔

۵۹. آپ کہہ دیجئے اے یہودیوں اور نصرانیوں! تم ہم میں سے صرف اس لئے دشمنیاں کر رہے ہو کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور جو کچھ ہماری جانب نازل کیا گیا ہے جو کچھ اس سے پہلے اتارا گیا اس پر ایمان لائے ہیں اور اس لئے بھی کہ تم میں اکثر فاسق ہیں۔

۶۰. کہہ دیجئے کہ کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اس سے بھی زیادہ اجر پانے والا اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون ہے؟ وہ جس پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی اور اس پر وہ غصہ ہو اور ان میں سے بعض کو بندر اور سور بنا دیا اور جنہوں نے معبودان باطل کی پرستش کی، یہی لوگ بدتر درجے والے ہیں اور یہی راہ راست سے بہت زیادہ بھٹکنے والے ہیں۔

۶۱. اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالانکہ وہ کفر لئے ہوئے ہی آئے تھے اسی کفر کے ساتھ ہی گئے بھی اور یہ جو کچھ چھپا رہے ہیں اسے اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔

۶۲. آپ دیکھیں گے کہ ان میں سے اکثر گناہ کے کاموں کی طرف اور ظلم و زیادتی کی طرف اور مال حرام کھانے کی طرف لپک رہے ہیں، جو کچھ یہ کر رہے ہیں وہ نہایت برے کام ہیں۔

۶۳. انہیں ان کے عابد و عالم جھوٹ باتوں کے کہنے اور حرام چیزوں کے کھانے سے کیوں نہیں روکتے بیشک برا کام ہے جو یہ کر رہے ہیں۔

۶۴. اور یہودیوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ باندھے ہوئے ہیں انہی کے ہاتھ باندھے ہوئے ہیں اور ان کے اس قول کی وجہ سے ان پر لعنت کی گئی، بلکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے اور جو کچھ تیری طرف تیرے رب کی جانب سے اتارا جاتا ہے وہ ان میں سے اکثر کو تو سرکشی اور کفر میں اور بڑھا دیتا ہے اور ہم نے ان میں آپس میں ہی قیامت تک کے لئے عداوت اور بغض ڈال دیا ہے، جب کبھی لڑائی کی آگ کو بھڑکانا چاہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے بجھا دیتا ہے۔ یہ ملک بھر میں شر اور فساد مچاتے پھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ فسادیوں سے محبت نہیں کرتا۔

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ ءَامَنُوا۟ وَٱتَّقَوْا۟ لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ
اور اگر | بیشک | اہل | کتاب | ایمان لاتے | اور تقویٰ اختیار کرتے | ضرور چھپا دیتے ہم | ان سے

سَيِّـَٔاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنَٰهُمْ جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا۟
ان کی برائیاں | اور البتہ ہم داخل کرتے ان کو | بھرے باغات میں | نعمتوں | ٥:٦٥ | اور اگر | بیشک وہ | قائم کرتے

ٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا۟
تورات | اور انجیل | اور جو | نازل کیا گیا | ان کی طرف | سے | ان کے رب کی طرف سے | البتہ وہ کھاتے

مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم ۚ مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ
سے | اپنے اوپر سے | اور سے | نیچے سے | اپنے پاؤں | ان میں سے | ایک گروہ | راست رو۔ درمیانہ۔ معتدل

٣/٤ الحزب ١٢
وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُونَ ﴿٦٦﴾ ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ
اور بہت سے | ان میں سے | بہت برا ہے | جو | وہ عمل کرتے ہیں | ٥:٦٦ | اے | رسول

بَلِّغْ مَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ
پہنچا دیجیے | جو | نازل کیا گیا | آپ کی طرف | سے | آپ کے رب کی طرف سے | اور اگر | نہ | آپ نے کیا | تو نہیں | آپ نے پہنچایا

رِسَالَتَهُۥ ۚ وَٱللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ ٱلنَّاسِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ
اس کے پیغام کو | اور اللہ | بچائے گا آپ کو | سے | لوگوں سے | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم کو

ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لَسْتُمْ عَلَىٰ شَىْءٍ حَتَّىٰ
کافر لوگ | ٥:٦٧ | کہہ دیجئے | اے اہل | کتاب | نہیں ہو تم | اوپر | کسی چیز کے | یہاں تک کہ

تُقِيمُوا۟ ٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ ۗ
تم قائم کرو | تورات کو | اور انجیل کو | اور جو | نازل کیا گیا | تمہاری طرف | سے | تمہارے رب کی طرف سے

وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَٰنًا وَكُفْرًا ۖ
اور البتہ ضرور زیادہ کرے گا | بہت سوں کو | ان میں سے | جو | نازل کیا گیا | آپ کی طرف | سے | آپ کے رب کی طرف سے | طغیانی میں۔سرکشی میں | اور کفر میں

فَلَا تَأْسَ عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿٦٨﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَٱلَّذِينَ
تو نہ | تم افسوس کرو | پر | قوم | جو کافر ہیں | ٥:٦٨ | بیشک | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور وہ لوگ

هَادُوا۟ وَٱلصَّٰبِـُٔونَ وَٱلنَّصَٰرَىٰ مَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْـَٔاخِرِ
جو یہودی بنے | اور جو صابی ہیں | اور جو نصاریٰ ہیں | جو کوئی | ایمان لایا | اللہ پر | اور یوم | آخرت پر

وَعَمِلَ صَٰلِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ أَخَذْنَا
اور اس نے عمل کئے | اچھے | تو نہیں | کوئی خوف | ان پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | ٥:٦٩ | البتہ تحقیق | لیا ہم نے

مِيثَٰقَ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ وَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُولٌۢ
پختہ عہد | بنی | اسرائیل سے | اور بھیجے ہم نے | ان کی طرف | کئی رسول | جب کبھی | آیا ان کے پاس | کوئی رسول

بِمَا لَا تَهْوَىٰٓ أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا۟ وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ﴿٧٠﴾
ساتھ اس کے جو | نہیں | پسند کرتے | ان کے نفس | ایک گروہ کو | انہوں نے جھٹلایا | اور ایک گروہ کو | وہ قتل کرتے تھے | ٥:٧٠

٦٥. اور اگر یہ اہل کتاب ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان کی تمام برائیاں معاف فرما دیتے اور ضرور انہیں راحت و آرام کی جنتوں میں لے جاتے۔

٦٦. اور اگر یہ لوگ توراۃ و انجیل اور ان کی جانب جو کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل فرمایا گیا ہے ان کے پورے پابند رہتے تو یہ لوگ اپنے اوپر سے اور نیچے سے روزیاں پاتے اور کھاتے ایک جماعت تو ان میں سے درمیانہ روش کی ہے، باقی ان میں سے بہت سے لوگوں کے برے اعمال ہیں۔

٦٧. اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجئے۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اللہ کی رسالت ادا نہیں کی اور آپ کو اللہ تعالیٰ لوگوں سے بچا لے گا، بیشک اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

٦٨. آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب! تم دراصل کسی چیز پر نہیں جب تک کہ تورات و انجیل کو اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے اتارا گیا قائم نہ کرو، جو کچھ آپ کی جانب آپ کے رب کی طرف سے اترا ہے وہ ان میں سے بہتوں کو شرارت اور انکار میں اور بھی بڑھائے گا ہی تو آپ ان کافروں پر غمگین نہ ہوں۔

٦٩. مسلمان، یہودی، ستارہ پرست اور نصرانی کوئی ہو، جو بھی اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے وہ محض بے خوف رہے گا اور بالکل بے غم ہو جائے گا۔

٧٠. ہم نے بالیقین بنو اسرائیل سے عہد و پیمان لیا اور ان کی طرف رسولوں کو بھیجا، جب کبھی رسول ان کے پاس وہ احکام لے کر آئے جو ان کی اپنے منشأ کے خلاف تھے تو انہوں نے ان کی ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک جماعت کو قتل کر دیا۔

وَحَسِبُوٓا۟ أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا۟ وَصَمُّوا۟ ثُمَّ تَابَ ٱللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ
اور انہوں نے سمجھا کہ نہ ہوگا کوئی فتنہ تو وہ اندھے بن گئے اور بہرے ہوگئے پھر مہربان ہوا اللہ ان پر پھر

عَمُوا۟ وَصَمُّوا۟ كَثِيرٌ مِّنْهُمْ ۚ وَٱللَّهُ بَصِيرٌۢ بِمَا يَعْمَلُونَ ٧١
وہ اندھے بن گئے اور بہرے ہوگئے بہت سے ان میں سے اور اللہ دیکھنے والا ہے اس کو جو وہ عمل کرتے ہیں ۵:۷۱

لَقَدْ كَفَرَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓا۟ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلْمَسِيحُ ٱبْنُ مَرْيَمَ ۖ وَقَالَ ٱلْمَسِيحُ
البتہ تحقیق کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کہا بیشک اللہ وہی ہے جو مسیح ابن مریم ہے اور کہا تھا مسیح نے

يَـٰبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ رَبِّى وَرَبَّكُمْ ۖ إِنَّهُۥ مَن يُشْرِكْ
اے بنی اسرائیل عبادت کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور رب ہے تمہارا بیشک وہ جو شرک کرے گا

بِٱللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ ٱللَّهُ عَلَيْهِ ٱلْجَنَّةَ وَمَأْوَىٰهُ ٱلنَّارُ ۖ وَمَا
اللہ کے ساتھ تو تحقیق حرام ٹھہرایا اللہ نے اس پر جنت کو اور اس کا ٹھکانہ آگ ہے اور نہیں

لِلظَّـٰلِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ٧٢ لَّقَدْ كَفَرَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓا۟ إِنَّ ٱللَّهَ
ظالموں کے لئے کوئی مددگار ۵:۷۲ البتہ تحقیق کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کہا بیشک اللہ

ثَالِثُ ثَلَـٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ إِلَـٰهٍ إِلَّآ إِلَـٰهٌ وَٰحِدٌ ۚ وَإِن لَّمْ يَنتَهُوا۟
تین کا تیسرا ہے اور نہیں کوئی الہ مگر الہ ایک ہی اور اگر نہ وہ باز آئے

عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ٧٣
اس سے جو وہ کہتے ہیں البتہ ضرور چھوئے گا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ان میں سے عذاب دردناک ۵:۷۳

أَفَلَا يَتُوبُونَ إِلَى ٱللَّهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُۥ ۚ وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ٧٤
کیا بھلا نہیں وہ توبہ کرتے طرف اللہ کے اور وہ بخشش مانگتے اس سے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۵:۷۴

مَّا ٱلْمَسِيحُ ٱبْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ ٱلرُّسُلُ وَأُمُّهُۥ
نہیں مسیح ابن مریم مگر ایک رسول تحقیق گزر چکے اس سے پہلے کئی رسول اور اس کی ماں

صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ ٱلطَّعَامَ ۗ ٱنظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ ٱلْـَٔايَـٰتِ
سچی عورت تھی وہ دونوں تھے کھایا کرتے تھے کھانا دیکھو کس طرح ہم بیان کرتے ہیں ان کے لئے آیات

ثُمَّ ٱنظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ٧٥ قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا لَا
پھر دیکھو کہاں سے وہ پھیرے جاتے ہیں ۵:۷۵ کہہ دیجئے کیا تم عبادت کرتے ہو سوا اللہ کے سوا (ان کی) جو نہیں

يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ۚ وَٱللَّهُ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ٧٦ قُلْ
مالک ہوئے تمہارے لئے کسی نقصان کے اور نہ نفع کے اور اللہ وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے ۵:۷۶ کہہ دیجئے

يَـٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَـٰبِ لَا تَغْلُوا۟ فِى دِينِكُمْ غَيْرَ ٱلْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوٓا۟ أَهْوَآءَ
اے اہل کتاب نہ تم غلو کرو میں اپنے دین میں نا حق اور نہ تم پیروی کرو خواہشات کی

قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا۟ مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا۟ كَثِيرًا وَضَلُّوا۟ عَن سَوَآءِ ٱلسَّبِيلِ ٧٧
ایک قوم کی تحقیق وہ بھٹک گئے اس سے پہلے اور انہوں نے گمراہ کیا بہت سوں کو اور وہ بھٹک گئے سے سیدھے راستے ۵:۷۷

۷۱. اور سمجھ بیٹھے کہ کوئی پکڑ نہ ہوگی پس اندھے بہرے بن بیٹھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کر لی اس کے بعد بھی ان میں سے اکثر اندھے بہرے ہوگئے، اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو بخوبی جانتا ہے۔

۷۲. بیشک وہ لوگ کافر ہوگئے جن کا قول ہے کہ مسیح ابن مریم ہی اللہ ہے حالانکہ خود مسیح نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل اللہ ہی کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا سب کا رب ہے، یقین مانو کہ جو شخص اللہ کے ساتھ شریک کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے، اس کا ٹھکانا جہنم ہی ہے اور گنہگاروں کی مدد کرنے والا کوئی نہیں ہوگا۔

۷۳. وہ لوگ بھی قطعاً کافر ہوگئے جنہوں نے کہ، اللہ تین میں سے تیسرا ہے دراصل اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اگر یہ لوگ اپنے اس قول سے باز نہ رہے تو ان میں سے جو کفر پر رہیں گے، انہیں المناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

۷۴. یہ لوگ کیوں اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں جھکتے اور کیوں استغفار نہیں کرتے؟ اللہ تعالیٰ تو بہت ہی بخشنے والا اور بڑا ہی مہربان ہے۔

۷۵. مسیح ابن مریم سوا پیغمبر ہونے کے اور کچھ بھی نہیں، اس سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر ہو چکے ہیں ان کی والدہ ایک راست باز عورت تھیں، دونوں ماں بیٹا کھانا کھایا کرتے تھے، آپ دیکھئے کہ کس طرح ہم ان کے سامنے دلیلیں رکھتے ہیں اور پھر غور کیجئے کہ کس طرح وہ پھرے جاتے ہیں۔

۷۶. آپ کہہ دیجئے کہ تم اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہو جو نہ تمہارے کسی نقصان کے مالک ہیں نہ کسی نفع کے۔ اللہ ہی خوب سننے اور پوری طرح جاننے والا ہے۔

۷۷. کہہ دیجئے اے اہل کتاب! اپنے دین میں ناحق غلو اور زیادتی نہ کرو اور ان لوگوں کی نفسانی خواہشوں کی پیروی نہ کرو جو پہلے سے بہک چکے ہیں اور بہتوں کو بہکا بھی چکے ہیں اور سیدھی راہ سے ہٹ گئے ہیں۔

لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ

لعنت کئے گئے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا سے بنی اسرائیل میں سے اوپر زبان کے

دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا

داؤد کی اور عیسیٰ ابن مریم یہ بوجہ اس کے جو انہوں نے نافرمانی کی اور تھے وہ

يَعْتَدُونَ ﴿٧٨﴾ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ

حد سے بڑھ جاتے ٥:٧٨ تھے وہ نہ روکتے ایک دوسرے کو سے برائی سے انہوں نے کیا اس کو

لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾ تَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ

البتہ کرنا برا ہے جو تھے وہ کرتے ٥:٧٩ تم دیکھو گے بہت سوں کو ان میں سے

يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ

دوستی کرتے ہیں ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا البتہ کتنا برا ہے جو آگے بھیجا ان کے لئے

أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ

ان کے نفسوں نے یہ کہ ناراض ہوا اللہ ان پر اور میں اور عذاب میں وہ

خَالِدُونَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا

ہمیشہ رہنے والے ہیں ٥:٨٠ اور اگر وہ ہوتے ایمان لاتے اللہ پر اور نبی پر اور جو

أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا

نازل کیا گیا اس کی طرف نہ وہ بناتے ان کو دوست لیکن بہت سے

مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨١﴾ * لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً

ان میں سے فاسق لوگ ہیں ٥:٨١ تم ضرور پاؤ گے سب سے زیادہ سخت لوگوں میں سے دشمنی میں

لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ وَلَتَجِدَنَّ

ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے یہود کو اور ان لوگوں کو جنہوں نے شرک کیا اور البتہ تم ضرور پاؤ گے

أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ

سب سے قریب ان میں محبت میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ان لوگوں کو جنہوں نے کہا بیشک ہم نصاری ہیں

ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ

یہ بوجہ اس کے کہ بیشک ان میں سے علماء ہیں اور درویش ہیں - راہب ہیں اور بیشک وہ

لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٨٢﴾ وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى

نہیں تکبر کرتے ٥:٨٢ اور جب وہ سنتے ہیں اسے جو نازل کیا گیا طرف

الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا

رسول کے تم دیکھتے ہو - تم دیکھو گے ان کی آنکھوں کو یہ پڑتی ہیں - چھلک رہی ہوتی ہیں سے آنسوؤں اس سے جو انہوں نے پہچان لیا

مِنَ الْحَقِّ ۖ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨٣﴾

میں سے حق وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم ایمان لائے پس ہمیں لکھ دے ساتھ ان کے جو گواہی دینے والے ہیں ٥:٨٣

٧٨. بنی اسرائیل کے کافروں پر حضرت داؤد (علیہ السلام) اور حضرت عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کی زبانی لعنت کی گئی اس وجہ سے کہ وہ نافرمانیاں کرتے تھے اور حد سے آگے بڑھ جاتے تھے۔

٧٩. آپس میں ایک دوسرے کو برے کاموں سے جو وہ کرتے تھے روکتے نہ تھے جو کچھ بھی یہ کرتے تھے یقیناً بہت برا تھا۔

٨٠. ان میں سے بہت سے لوگوں کو آپ دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستیاں کرتے ہیں، جو کچھ انہوں نے اپنے لئے آگے بھیجھ رکھا ہے وہ بہت برا ہے کہ اللہ ان سے ناراض ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

٨١. اگر انہیں اللہ تعالیٰ پر اور نبی پر اور جو نازل کیا گیا ہے اس پر ایمان ہوتا تو یہ کفار سے دوستیاں نہ کرتے، لیکن ان میں اکثر لوگ فاسق ہیں۔

٨٢. یقیناً آپ ایمان والوں کا سب سے زیادہ دشمن یہودیوں اور مشرکوں کو پائیں گے اور ایمان والوں سے سب سے زیادہ دوستی کے قریب آپ یقیناً انہیں پائیں گے جو اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے ہیں، یہ اس لئے کہ ان میں علماء اور عبادت کے لئے گوشہ نشین افراد پائے جاتے ہیں اور اس وجہ سے کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔

٨٣. اور جب وہ رسول کی طرف نازل کردہ (کلام) کو سنتے ہیں تو آپ ان کی آنکھیں آنسو سے بہتی ہوئی دیکھتے ہیں اس سبب سے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا، وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے پس تو ہم کو بھی ان لوگوں کے ساتھ لکھ لے جو تصدیق کرتے ہیں۔